AQ TV
GOLDEN YEARS
72
سال مسلسل اشاعت
رہبر راہِ زندگانی ہیں!
MAY 2019
ABC Certified/CPNE Member
یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک
آفاقی معلومات کا علمبردار
ماہنامہ
روحانی
آئینہ قسمت
لاہور
نہایت متاثر کن وقت
امریکہ
چائنہ
ترکی
سعودی عربیہ
ایران
جرمنی
اسرائیل
15 جون
سے
15 جولائی
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ASTROLOGY FOR ALL

بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 12000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 90 روپے

سالانہ چندہ 1000 روپے

لائف ممبر شپ 15000 روپے For 12 Years

لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی

آئینہ قسمت — زنجانی جنتری — ماہانہ جنتری — الیومی تقویم

ایڈیٹر — شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مجلس مشاورت

چوہدری واجد علی خان — کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ — میجر (ر) خالد اسمٰعیل قاضی
ڈاکٹر اجمل نیازی — شجاعت ہاشمی (ڈرامہ آرٹسٹ) — پروفیسر توفیق بٹ
افتخار احمد — علامہ صمصام الدین — محمد سلیم نقشبندی
مخدوم سید طاہر سجاد زنجانی — مخدوم سید حسن پیر قادری

مشیر قانونی — طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ — محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ

کمپوزنگ لے آؤٹ — ارشد علی

سرکولیشن منیجر — حامد بشیر

کاشانہ زنجانی 125-ڈی، گلبرگ 2
54660
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد ڈان مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل کالج کلب / آرکی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

قمر زیدی

شایانِ شان تری کر سکیں بیاں
اتنی مجال معنی و الفاظ میں کہاں
میں بندہ فقیر و گنہگار اور تو
غفار و پروردگار و مددگار و مہرباں
پروردگار قادر مطلق ہے تیرا نام
اک حرفِ کن سے تو نے بنائے ہیں دو جہاں
یکتا ہے تیری ذات، دوامی تری صفات
قلب بشر میں ہے جو ہے تجھ پر عیاں
اندازہ و خیال و قیاس و گمان سے دور
تو ہر فضائے غیب و یقین میں ہے ضوفشاں
سوچوں تو اردگرد دیکھوں تو آس پاس
محسوس گر کروں تو دل و جان میں ہے نہاں
مالک تری ثنا ہے مرکزِ خیال
ہوتا ہے ہر کرن سے مرے فن کی تو عیاں

نعت

عابدہ کرامت

ترے جلوے روایت کر رہی ہوں
قلم سے میں عبادت کر رہی ہوں
نہ ہوتا تو، تو میری کیا حقیقت
سو اپنی بھی حفاظت کر رہی ہوں
ہے تیرے ذکر سے ہی ذکر میرا
یوں اپنے کو عبارت کر رہی ہوں
قلم اور روشنائی پاک کر کے
طہارت ہی طہارت کر رہی ہوں
کہ تیری فکر کو تحریر کر کے
میں کاغذ پر عنایت کر رہی ہوں
ترے جلوہ کو ہر ذرہ میں پا کر
میں آنکھوں پر کتابت کر رہی ہوں
صفیں باندھے کھڑے ہیں حرف سارے
فقط میں تو امامت کر رہی ہوں

منقبت

علامہ حسن رضا غدیری

حاصل ہے اس کو سید سجادؑ کی دعا
زہراؑ کا غمگسار ہے ماتم حسینؑ کا
جاری رہے گا حشر تلک اس کا سلسلہ
زینبؑ کی یادگار ہے ماتم حسینؑ کا
شیوہ ہے یہ انہی کا جو عزت پسند ہیں
عزت کا پاسدار ہے ماتم حسینؑ کا
شامل ہے اس میں نصرتِ اسلام کا شعور
اسلام کا شعار ہے ماتم حسینؑ کا
انسانیت کے درد کا درماں یہی تو ہے
انسان کا وقار ہے ماتم حسینؑ کا
عادت ہے یہ انہیں کہ جو فطرت شناس ہیں
فطرت کا اعتبار ہے ماتم حسینؑ کا

عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

مئی 2019ء

زنجانی جنتری **2019ء** (صفحہ نمبر **44**) **10 اپریل تا 6 جون دور زحل:۔** ستارہ زحل ہر دو زائچوں میں نویں (عدلیہ) دسویں (سربراہ مملکت) کا حاکم ہو کر نحس گھر بیٹھا ہے۔ اپوزیشن کے ساتھ ساتھ یہ دور حکمرانوں کے احتساب کا بھی دور دکھائی دیتا ہے۔ عوام وخواص اور میڈیا وزراء اہم شخصیات اسکینڈل کی زد میں رہیں گی۔ **23** اپریل تا **5** نومبر مشتری چھٹے آنے سے بیوروکریسی اور اسٹیبلشمنٹ کی ذمہ داریوں میں اضافہ ملک دشمنوں سازشی عناصر ناپسندیدہ سیاست داں اور دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ احتساب کے ذریعے کرپشن سے لوٹی گئی دولت اور افراد کو واپس لانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ اندرون ملک زلزلوں کا امکان نئی قیمتی معدنیات کی دریافت ملک کی قسمت بدل سکتی ہے۔ یاد رہے **قدرت بھی اُس قوم کی حالت نہیں بدلتی جسے اپنی قسمت بدلنے کا خیال نہ ہو۔**

زائچہ نیومون: قران شمس وقمر طالع برج حوت ذوجین زائچہ کے دوسرے ملکی معیشت کے گھر ہونے سے ملکی معیشت کو سنبھالا دینے اور **IMF** سے کڑی شرائط پر قرض لینے کے معاملات نمایاں ماہ جون ملکی سالانہ بجٹ کے حوالے سے مزید عوام الناس کے لئے آزمائش پریشانیاں لائے چونکہ شمس **6th** نحس گھر کا حاکم ہو کر ملکی معیشت کے گھر شرف یافتہ قرض لینے سے ملکی معیشت پر مزید بوجھ بڑھے ادھر ستارہ زہرہ **8th** ویں نحس گھر کا حاکم ہو کر طالع میں شرف یافتہ ملکی معیشت میں قرضوں کے حصول سے عارضی بہتری آئیگی۔ ملکی معدنیاتی خزانے ظاہر ہونے سے عوام الناس کو خوشی کی نوید سنائی جائے گی۔ ستارہ زہرہ طالع میں شرف یافتہ ہونے کے سبب اندرون ملک رمضان کی آمد عوام کا عبادت کی طرف رجحان ملک میں امن وامان کی صورتحال قدرے بہتر رہے۔ آئندہ ماہ عید کی تیاری میں جدیدنت نئے فیشن اور ملبوسات کی تیاری میں مقابلے کا رجحان رہے۔ ملکی کپڑے کی انڈسٹری خصوصاً سال انڈسٹری کی حوصلہ افزائی سے روزگار کے مواقع بڑھیں۔ سیاسی نجوم میں دسواں گھر حکمران پارٹی صدر وزیر اعظم چاروں صوبوں کے سربراہان سے منسوب ہے۔ دسویں گھر **12th** نحس گھر کا حاکم فعلی ستارہ زحل منحوس ستارہ کیتو سے۔ حالت قران میں رہیگا۔ سست رفتار نحس کواکب کا دسویں ہونے سے سیاسی حکمران پارٹی تحریک انصاف اپنی ناقص پالیسیوں نااہل مشیروں کے سبب سیاسی بدنامی بے وقاری حکومت کے خلاف ہنگامے اپوزیشن کی جانب سے اسمبلی اور سڑکوں پر سیاسی انقلاب لانے کی کوشش بھرپور سازشیں کی جائیں گی۔ مڈٹرم الیکشن یا صدارتی ریفرنڈم کروانے کا سیاسی نعرہ بھی لگ سکتا ہے۔ دسواں گھر حکمرانوں کا عوام سے کئے گئے وعدوں کا بھی گھر حکمران پارٹی کو بھی اعلیٰ عدالتوں کے ساتھ ساتھ احتساب کے لئے عوام میں پیش ہونا پڑے گا۔ ستارہ مشتری اپنے فطری گھر میں رہتے ہوئے **1-3-5** اور **9** ویں گھروں کو ناظر

رہنے سے عدلیہ اور مذہبی شخصیات کا کردار نمایاں ہو کر اُبھرے گا۔ 7 مئی سے رمضان المبارک کی آمد سے ملک کا مذہبی ماحول بدلنے سے عوامی سطح پر ایثار و قربانی کا جذبہ بڑھے گا۔ مذہبی مقدس عوامی اجتماعات میں اضافہ مذہب قانون ملکی تعلیمی معیار امیگریشن قوانین کمرشل سیر و سیاحت تجارتی سرگرمیاں امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ سائنسی اور ٹیکنیکل انڈسٹریز کے شعبوں کی کارکردگی نمایاں رہے۔

زائچہ فُل مون:۔زائچہ فل مون بھی برج حوت ذوجبین زائچہ طالع کا مالک مشتری نویں طالع دوسرے پانچویں اور نویں گھر کو ناظر رہے۔ سیاسی نجوم میں ان گھروں کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب سعد اکبر ستارہ مشتری سعد اور فطری گھر میں ہو ملکی مذہبی اداروں میں ہم آہنگی پیدا کرنے میں حکومت اور بین المذاہب افراد تنظیموں کی دلچسپیاں آپس میں بڑھیں۔ آٹھویں نحس گھر کا حاکم ستارہ زہرہ حالت وبال دوسرے ملکی معیشت پر خزانے پر اضافی بوجھ ڈالنے IMF کی خوشنودی سے مہنگائی یا اضافی بوجھ بجلی گیس کے بلوں اور دیگر اشیاء خوردنی مہنگی ہونے سے عوام پریشان رمضان میں سستے بازار بھی مہنگائی کا مذاق اُڑانے کے لئے سجائے جائیں گے۔ پانچویں کا مالک قمر در عقرب نویں ہونے سے عوامی بے چینی بڑھے لوگ سڑکوں پر نکل سکتے ہیں عید کے قریب اور عید کے بعد والے مہینے جون میں اچانک اضافہ۔ زائچہ کے دو اہم گھر چوتھے مریخ راہو جبکہ دسویں زحل کیتو کا قران جبکہ 14 تا 16 جون مریخ زحل کا مقابلہ حکومت اپوزیشن میں سخت گیر سیاسی دنگل فیصلہ کُن مراحل میں داخل ہو جائیگا۔ سیاستدان اپنی بقا کی جنگ جاری رکھنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگائیں گے۔ حکومت اور سیاستدان عوامی مسائل سے ہٹ جانے کے سبب عوام الناس میں بے چینی اندرون ملک لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال خراب عوامی اجتماعات پر دہشت گردی اور ہمسایہ ملک بھارت کی جانب سے LOC پر بمباری اور گولہ باری سے جانی و مالی نقصانات اچانک بڑھ سکتے ہیں۔ چھٹے ساتویں کا حاکم شمس عطارد تیسرے مقابل نحس قمر کے ہونے سے سرحدوں پر جنگ کی سی کیفیت رہیگی۔

اس نحس وقت کی ابتداء 17 مئی 02:25 خاتمہ 19 مئی 06:20 بحساب ویدک 18 مئی 20:00 خاتمہ 21 مئی 01:59 منٹ تک رہے گی۔
اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

فلسطینی مسلمانوں کے خلاف اسرائیل کی ظالمانہ بمباری عالمی جنگ میں بدل سکتی ہے؟

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

سبھی باشعور جانتے ہیں کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سایہ نہ تھا اس کے علاوہ کائنات کی ہر ذی روح اپنا سایہ رکھتی ہے۔ آسمانی کونسل پر چاند کا سایہ جسے ہم راہو (North Node) کیتو (South Node) یہ وہی چاند ہے جسے حضورؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دُنیا کو بتا دیا کہ ہماری انگلی کے ایک اشارے سے چاند دو ٹکڑے ہو سکتا ہے۔

زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 31 تا 38 تیسری عالمگیر جنگ اور 2019 / 2020ء کو غیر معمولی سال قرار دیتے ہوئے 2019ء کی جنتری میں 25 ممالک کے زائچے شائع کئے گئے تھے۔ آسمانی کونسل پر اس سال راہو کیتو کی تبدیلی کے بعد کون کون سے ممالک طالع کے درجات سے متاثر ہونگے۔ آج کی محفل میں ہم علوم نجوم کی روشنی میں مختصر سا تجزیہ پیش کریں گے۔ تاہم اہم ہوگا کہ ہم وطن عزیز پاکستان پر بھی راہو کیتو اور کیتو زحل کے قرانات 2019ء کا ذکر بھی کریں۔ زحل ان دنوں زائچہ پاکستان میں نویں عدلیہ مذہب دسویں حکمرانوں اہم شخصیات کا مالک ہو کر آٹھویں نحس گھر میں کیتو سے 19 اپریل تا 7 اکتوبر وقفہ وقفہ سے حالت قران میں رہیگا۔ ناگہانی آفات، زلزلے تاہم نئی معدنیات کی دریافت، اہم سیاسی وغیر سیاسی شخصیات پر قاتلانہ حملے عدلیہ (نیب) ماضی و حال کے حکمرانوں اور مذہبی سیاسی تنظیمیں سیاسی پارٹیوں کے لئے مشکلات و آزمائش کا دور ہوگا۔ سیّد مصور علی زنجانی

علم نجوم میں دیگر گردش کرنے والے سیارگان کے علاوہ دو ''پرچھائیں سیارے'' بھی نہایت توجہ اور اہمیت کے حامل ہیں، عربی یا اردو میں انھیں راس و ذنب، انگلش میں ''شمالی اور جنوبی گانٹھ'' (Node) اور سنسکرت یا ہندی میں راہو کیتو کہا جاتا ہے، قدیم دیو مالائی نظریات کے مطابق یہ ایک اژدھا ہے جس کے سر کو راہو اور دُم کو کیتو کہتے ہیں، جدید سائنسی تحقیق کے مطابق درحقیقت یہ چاند کے سائے ہیں جو دائرۂ بروج میں دیگر سیارگان کے برخلاف کلاک وائز گردش کر رہے ہیں، تمام سیارگان کی گردش دائرۂ بروج (Zodic Sign) میں اینٹی کلاک ہے، اپنی گردش کے دوران میں راہو کیتو رجعت و استقامت کے ساتھ کسی ایک برج میں تقریباً ڈیڑھ سال (19 ماہ) کا عرصہ گزارتے ہیں لیکن جب کسی ایک ہی درجے پر اپنی مستقیم پوزیشن میں معمول کی رفتار سے زیادہ دیر ٹھہر جائیں تو اس درجے پر گہرا اثر ڈالتے ہیں، کسی بھی زائچے میں اگر وہی درجہ پیدائش کے وقت طلوع ہو تو وہ راہو کیتو کی ایسی پوزیشن سے بری طرح متاثر ہوتا ہے، اسی طرح اگر زائچے کا کوئی پیدائشی سیارہ راہو کیتو کے محور میں مستقیم پوزیشن میں آجائے تو وہ بھی متاثر ہوگا اور سیارے سے متعلق برج پر بھی برے اثرات پڑیں گے، زائچہ کسی فرد کا ہو یا ملک و قوم کا، اس اصول کے تحت اس کے حالات پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ علم نجوم کے ویدک سسٹم کے مطابق راہو کیتو 23 مارچ

2019ء سے برج جوزا اور قوس میں داخل ہو گئے ہیں اور ان برجوں کے آخری درجات پر حرکت کر رہے ہیں، اپنی اُلٹی چال کی وجہ سے یعنی راہو برج جوزا کے 30 درجے پر ہے جب کہ کیتو جوزا کے بالمقابل برج قوس کے 30 درجے پر، انہی دونوں برجوں میں اپنی اُلٹی سیدھی رفتار سے حرکت کرتے ہوئے یہ 19 ستمبر 2020ء تک یہاں رہیں گے، اس تمام عرصے میں تین مرتبہ ایسے مواقع آئیں گے جب یہ کسی ایک ہی درجے پر تقریباً ڈھائی ماہ تک اپنی مستقیم پوزیشن میں قیام کریں گے۔

پہلی مرتبہ:۔ 23:30 درجہ پر برج جوزا اور قوس میں پانچ جون 2019ء سے 17 اگست 2019ء تک۔

دوسری مرتبہ:۔ 14:30 درجے پر 22 نومبر 2019ء سے 27 جنوری 2020ء تک۔

تیسری مرتبہ:۔ تقریباً 04:30 ڈگری پر 4 جون 2020ء سے 6 اگست 2020ء تک۔

کسی بھی زائچے کے مندرجہ بالا درجات اس صورت میں نہایت حساس پوائنٹس تصور ہوں گے جب طالع پیدائش کے درجات یہی ہوں گے، مثلاً کسی فرد یا ملک کے زائچے میں اگر برج جوزا یا قوس تقریباً 18:30 ڈگری سے 28:30 ڈگری طلوع ہے تو وہ اس سال 5 جون سے 17 اگست کے درمیان نحس اثرات کا سامنا کرے گا، اسی طرح دیگر مستقیم پوزیشن کے بارے میں بھی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

ایران کے زائچے میں برج سرطان 23 درجہ 42 دقیقہ طلوع ہے، گویا راہو کیتو جب زائچے کے بارھویں گھر اور چھٹے گھر میں اس درجے پر قیام کریں گے تو یقیناً ملک کو درپیش مسائل میں اضافہ ہوگا، ملک میں بے چینی اور انتشار بڑھے گا، دیگر ممالک سے اختلافات میں اضافہ ہوگا، حالتِ جنگ کی سی صورت حال پیدا ہونے کا اندیشہ ہے، حکومت میں تبدیلی یا حکومت پر شدید دباؤ کے امکان کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، حادثات و سانحات، زلزلے نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ خصوصاً 15 جون سے 15 جولائی تک کا وقت نہایت متاثر کن ہوسکتا ہے، دیگر ممالک میں چائنا، امریکا، اسرائیل، جرمنی، سعودی عربیہ اور ترکی وغیرہ بھی راہو کیتو کی مستقیم پوزیشن سے اس سال متاثر ہوں گے۔

اسرائیل اور امریکہ کے صیہونی منصوبوں کے تحت مقبوضہ بیت المقدس کو اسرائیلی دارالحکومت قرار دینے کا وقت قریب آچکا ہے اسی لئے تمام مشرق وسطیٰ میں جنگوں کی آگ بھڑکا دی گئی ہے عرب حکمرانوں کو باور کرا دیا گیا ہے کہ اگر انہوں نے عالمی صیہونی منصوبوں کے سامنے کوئی مذمتی بیان بھی دیا تو ان کی حکومتیں گرادی جائیں گی اسی خوف نے عرب حکمرانوں کو اسرائیل کا اتحادی بنا دیا ہے۔ خود عمان کے وزیر خارجہ نے گزشتہ دنوں ایک بیان میں فرمایا ہے کہ ''عرب ملکوں کو چاہئے کہ اسرائیل کو اس خدشے سے آزاد کریں کہ اسے عربوں کی جانب سے کوئی خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔

مشرق وسطیٰ سے آمد خبروں کے مطابق اسرائیل نے غزہ کے علاقے میں مظلوم فلسطینی مسلمانوں پر ایک مرتبہ پھر قیامت ڈھادی ہے اس سے زیادہ افسوسناک امر یہ ہے کہ سوائے ترکی کے کوئی مسلم ملک غزہ کے مظلوم مسلمانوں کی حمایت میں آواز بلند نہیں کر رہا۔ خود فلسطینی اتھارٹی کا نام نہاد صدر محمود عباس فلسطین کی اسلامی تحریک حماس کے مقابلے میں اسرائیل کی حمایت کر رہا ہے۔ یہ سب کچھ کیا ہے؟

یہودی بستیوں کا تیسرا سلسلہ پرانے شہر سے کچھ باہر ہے یہ جنوب مشرقی القدس کی یہودی بستی سے متصل ہو جاتی ہے۔ اس سلسلے میں اگر اس بات کا گمان کیا جائے کہ یاسر عرفات کی موت کے بعد محمود عباس کو فلسطینیوں کا ''انچارج'' بنا کر علاقے میں پیدا ہونے والی بے چینی کا خاتمہ ممکن ہے تو ایسا سوچنا احمقوں کی جنت میں رہنے کے مترادف ہوگا۔ جوں جوں امریکہ کی نگرانی میں نام نہاد فلسطینی اتھارٹی اور اسرائیل کے درمیان امن بات چیت کا سلسلہ جاری رہتا ہے فلسطینی عوام کی مشکلات بڑھتی ہی جاتی ہیں اور بے گھر پناہ گزینوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ ایسی صورت میں نام نہاد فلسطینی اتھارٹی کے یہ دعوے کہ اس کا قیام فلسطینی عوام کی مشکلات ختم کرنے کی غرض سے وجود میں آیا آج فلسطینی عوام میں اپنی افادیت کھو چکا ہے۔ جبکہ فلسطینیوں کے نزدیک حماس ہی اس وقت فلسطینی کاز کی نمائندہ جماعت ہے۔ موجودہ صورتحال کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی ذی شعور انسان اب یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ فلسطینیوں کے مسائل صرف ''مذاکرات'' سے حل نہیں ہوں گے۔ فلسطینی عوام کے حقوق غضب کرنے کا پس منظر اتنا مکروہ ہے جس کی مثال انسانیت کی تاریخ میں ملنا محال ہے۔ **تو کیا پھر عالمی جنگ ہوگی**۔؟

2019/2020ء میں بارہ بروج پر
راہو کیتو کے اثرات

وہ لوگ جن کا پیدائشی برج حمل، جوزا، اسد، میزان، قوس اور دلو ہے، اس صورت حال سے اُس وقت زیادہ متاثر ہوں گے جب پیدائشی برج کے درجات تقریباً 18 درجے سے 28 درجے تک ہوں گے، خیال رہے کہ عام طور سے لوگ اپنے شمسی برج (Sun Sign) ہی کو اپنا برج سمجھتے ہیں، جب کہ حقیقی معنوں میں اہمیت پیدائشی برج کی ہوتی ہے جو پیدائش کی تاریخ، مہینہ، سال اور پیدائش کے وقت سے معلوم ہوتا ہے، اکثریت اس سے لاعلم رہتی ہے، وہ لوگ جو اپنا پیدائش کا زائچہ بنوا کر پاس رکھتے ہیں وہ ہی اپنے پیدائشی برج اور اس کے درجات سے آگاہ ہوتے ہیں۔ بہرحال ہم یہاں شمسی برج کے حوالے سے بھی تھوڑی سی آگاہی دے رہے ہیں تاکہ عام لوگ جو اپنے حقیقی زائچے (Birth chart) کے بارے میں نہیں جانتے وہ بھی محتاط ہو جائیں، اس سلسلے میں ہم برج کا نام دینے کے بجائے تاریخ پیدائش کا عرصہ لکھ رہے ہیں۔ کسی بھی سال میں جو لوگ 5 مئی سے 10 مئی کے دوران میں پیدا ہوئے ہیں، وہ اس سال جون تا اگست صحت اور اپنی حیثیت کے دوسرے بعض مسائل کا سامنا کر سکتے ہیں، اسی طرح جن لوگوں کی پیدائش 5 جولائی سے 13 جولائی کے درمیان ہے وہ بھی سخت وقت دیکھیں گے، دیگر لوگوں میں 7 اگست سے 14 اگست، 8 ستمبر سے 14 ستمبر، 7 اکتوبر سے 14 اکتوبر، 6 دسمبر سے 13 دسمبر، 7 نومبر سے 13 نومبر، 6 جنوری سے 13 جنوری، 5 مارچ سے 13 مارچ، 4 اپریل سے 12 اپریل کے درمیان میں پیدا ہونے والے افراد کو اس سال 5 جون سے 17 اگست کے درمیان کا عرصہ محتاط ہو کر گزارنا چاہیے اور اس دوران میں زیادہ سے زیادہ صدقات اور خیرات کرنا چاہیے۔

سیارہ زحل پر خصوصی اثرات

ویدک سسٹم کے مطابق سیارہ زحل برج قوس سے گزر رہا ہے، چناں چہ راہو کیتو کی برج جوزا اور قوس میں آمد خاص طور پر سیارہ زحل کو بری طرح متاثر کرے گی، وہ لوگ جن کا پیدائشی سیارہ زحل ہے، اس صورت حال سے خاص طور پر متاثر ہوں گے، اس حوالے سے برج جدی اور دلو کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد نمایاں ہیں۔ سیارہ زحل ہر ملک یا ہر شخص کے زائچے میں اپنی ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے، چناں چہ وہ زائچے کے جس گھر پر بھی حکم ران ہے، اس گھر سے متعلق معاملات یقیناً متاثر ہوں گے، مثلاً پاکستان، انڈیا، مصر، میکسیکو اور ملائشیا کا پیدائشی برج (Birth Sign) ثور ہے، چناں چہ زائچے کا دسواں گھر برج دلو ہے، سیارہ زحل اس پر حکم ران ہے، کسی ملک کے زائچے کا دسواں گھر ملک کے سربراہ اور حکومت سے متعلق ہے، اس کی ساکھ سے متعلق ہے، عام افراد کے زائچے میں دسواں گھر عزت و وقار، پیشہ ورانہ معاملات سے متعلق ہے، چناں چہ سیارہ زحل کی ناقص پوزیشن مندرجہ بالا تمام معاملات میں نقصان دہ ثابت ہوگی اور جون سے اگست تک کا عرصہ مشکلات لائے گا، خاص طور پر برج ثور سے تعلق رکھنے والے ملک یا افراد کے لیے 15 اپریل سے 15 مئی تک کا وقت مشکل حالات و واقعات کی نشان دہی کرتا ہے۔

پیدائشی بروج پر اثرات کا جائزہ

ایک مکمل اور مستند زائچہ ہر شخص کی لازمی ضرورت ہے، علم نجوم سے درست رہنمائی حاصل کرنے کے لیے اپنا زائچہ پیدائش ضرور بنوائیں اور زائچے کے اہم بنیادی نکات سے باخبر رہیں، یاد رکھیں، پیدائش کا درست وقت عام طور سے لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا، ایک اچھا اور قابل ماہر نجوم ہی آپ کے پیدائش کے وقت کو درست کر سکتا ہے، اگر آپ کے پاس اپنا درست زائچہ موجود ہے تو پیدائشی برج کے تحت آئندہ تقریباً 19 ماہ کے دوران میں راہو کیتو زائچے کو کس طرح متاثر کریں گے، اس کا مختصر جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

برج حمل: راہو تیسرے گھر میں ہوگا اور کیتو نویں گھر میں، اس عرصے میں اہم مقاصد کے لیے پیش قدمی ممکن ہو سکے گی، البتہ کچھ ذہنی دباؤ محسوس کریں گے، خصوصاً اُس وقت جب سیارہ شمس برج سنبلہ، عقرب اور حوت میں ہوگا، اپریل 2019ء سے اکتوبر 2019ء تک مالی اور پیشہ ورانہ معاملات میں سست روی کا امکان ہے اور محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

برج ثور: راہو دوسرے گھر میں اور کیتو آٹھویں گھر میں ہوگا، مالی حوالے سے فکرمندی رہے گی، ذہنی سکون ملنا مشکل ہوگا، البتہ سماجی پوزیشن بہتر رہے گی جب شمس برج میزان، قوس اور حمل میں ہوگا تو زیادہ ذہنی دباؤ کا سامنا رہے گا، اپریل 2019ء سے اکتوبر 2019ء تک کا وقت اچانک اور ناقابل برداشت مشکلات پیشہ ورانہ زندگی میں لاسکتا ہے، اس کے علاوہ شدید نوعیت کی کسی بیماری کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔

برج جوزا: راہو آپ کے زائچے کے پہلے گھر میں رہتے ہوئے زائد توانائی اور ایک متحرک زندگی لائے گا، آپ بہت زیادہ پُرجوش اور پُرامید ہوں گے، جب کہ کیتو زائچے کے ساتویں گھر میں شریک حیات یا شریک کاروبار کی صحت کے معاملات کو متاثر کرے گا، دوسروں سے تعلقات متاثر ہوں گے، خیال رہے کہ اس سال صرف قسمت پر بھروسا کرکے کامیابی حاصل نہیں کی جاسکتی، جب شمس برج عقرب، جدی اور ثور میں ہوگا تو ذہنی دباؤ بڑھ جائے گا، اپریل تا اکتوبر کا عرصہ والدین کی صحت کے مسائل لاسکتا ہے، اس عرصے میں آپ کی کوششوں میں رکاوٹ بھی آسکتی ہے۔

برج سرطان: راہو بارھویں منحوس گھر میں اور کیتو چھٹے منحوس گھر میں ہوں گے لہٰذا پورا سال ہی دباؤ لانے والا اور ناموافق ہوگا، مزاج میں چڑچڑا پن، غصہ، صحت کے مسائل، دوسروں سے اختلاف رائے جیسی صورت حال کا سامنا ہوسکتا ہے، خصوصاً جب سیارہ شمس برج جوزا، عقرب اور جدی میں ہوگا، راہو تعلقات کو خراب کرے گا اور ذہنی سکون تباہ ہوگا، پراپرٹی سے متعلق معاملات میں نقصان اور اضافی اخراجات سامنے آئیں گے، اپریل سے اکتوبر تک کا عرصہ آپ کو مقدمے بازی، شدید بیماری میں مبتلا کرسکتا ہے، کیتو صحت پر خراب اثرات اور اچانک ذہنی صدمات دے سکتا ہے۔

برج اسد: راہو گیارھویں گھر میں اور کیتو پانچویں گھر میں رہے گا لہٰذا اضافی آمدن، نئی دوستی اور نئے تعلقات، خوش گوار سفر اور گھومنے پھرنے کے مواقع میسر ہوں گے، البتہ جب شمس برج جدی، حوت اور سرطان میں ہوگا تو کیتو کا اثر آپ کو پارٹنرشپ کے مسائل، شریک حیات کی صحت میں خرابی، جذباتی تعلقات اور طویل المدت منصوبوں میں پریشان کرسکتا ہے، خصوصاً اس سال اپریل سے اکتوبر کے دوران میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔

برج سنبلہ: راہو دسویں اور کیتو چوتھے گھر میں ہوگا، راہو کی موجودگی کچھ پریشانیاں پیدا کرسکتی ہیں، جب سیارہ زہرہ اور شمس برج دلو، حمل اور اسد میں ہوں گے، سیارہ مشتری کی پوزیشن اس سال زائچے میں موافق رہے گی جس کی وجہ سے پراپرٹی، بینک بیلنس وغیرہ کی پوزیشن بہتر رہے گی، اپریل سے اکتوبر کا عرصہ صحت کے اچانک اور طویل مسائل لاسکتا ہے، قانونی مسائل، مقدمے بازی اور پراپرٹی سے متعلق بعض معاملات ذہنی سکون تباہ کرسکتے ہیں۔

برج میزان: راہو نویں اور کیتو تیسرے گھر میں ہوگا، بہتر ہوگا کہ کسی بھی ایڈونچر سے گریز کریں ورنہ مشکلات میں اضافہ ہوگا، جب زہرہ اور شمس برج سنبلہ، حوت اور ثور سے گزریں گے تو اپنی صحت کے حوالے سے محتاط رہیں گے، آپ کے زائچے میں مشتری، زحل اور کیتو کی پوزیشن اس سال بہتر ہوگی جس کے نتیجے میں آپ کو حیران کن ترقی مل سکتی ہے، سرمایہ کاری سے فائدہ ہوگا، انعامی اسکیموں میں کامیابی مل سکتی ہے، بچوں سے خوشیاں ملیں گی لیکن آپ کو اپریل تا اکتوبر کا عرصہ محتاط ہوکر گزارنے کی ضرورت ہوگی، اس دوران میں صحت کے مسائل، بچوں کے مسائل پیدا ہوسکتے ہیں اور سرمایہ کاری کے لحاظ سے احتیاط کی ضرورت ہوگی۔

برج عقرب: راہو آٹھویں اور کیتو دوسرے گھر میں ہوگا، کیتو اچھی جگہ ہے، زیادہ پریشان نہیں کرے گا، راہو کی آٹھویں گھر میں موجودگی ذہنی سکون تباہ کرسکتی ہے، خانگی معاملات ڈسٹرب ہوں گے، جائیداد کے مسائل پریشان کن ہوسکتے ہیں، خصوصاً اپریل سے اکتوبر کے عرصے میں محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی لیکن مجموعی صورت حال کنٹرول میں رہے گی، البتہ اُس وقت

پریشانیاں بڑھ سکتی ہیں اور قابو سے باہر ہوسکتی ہیں جب سیارہ شمس برج میزان، حمل اور جوزا میں ہوگا۔

برج قوس: کیتو آپ کے زائچے کے پہلے گھر میں سیارہ زحل کے ہمراہ رہے گا، جب کہ راہو ساتویں گھر میں حرکت کرے گا اور یہ دوسروں سے تعلقات اور صحت کے معاملات کے لیے نیک شگون نہیں ہے، خصوصاً اُس وقت جب آپ کے پیدائشی برج قوس کے درجات 18 سے 28 تک ہوں، اگر 22، 23,24 ڈگری ہو تو شدید نوعیت کے اثرات ہوسکتے ہیں، جب شمس برج عقرب، ثور اور سرطان میں ہوگا تو زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی، بہتر یہی ہے کہ اپریل سے اکتوبر کے عرصے میں کسی نئے بزنس، منصوبے یا ایڈونچر سے دور رہیں کیوں کہ اس عرصے میں غیر معمولی تاخیر، زائد اخراجات اور ناکامیوں کا اندیشہ ہے۔

برج جدی: راہو چھٹے اور کیتو بارھویں منحوس گھروں میں ہوگا، مالی معاملات پر بری طرح منفی اثر پڑے گا، اس کے علاوہ تنازعات، لڑائی جھگڑے، زائد اور بے کار نوعیت کے اخراجات کا سامنا ہوسکتا ہے، کسی نشے یا خواب آور ادویات سے دور رہیں ورنہ عادی ہوسکتے ہیں، طویل المدت یا دائمی بیماری کا خطرہ موجود ہے، خصوصاً جب شمس برج قوس، جوزا یا اسد میں ہو، اپریل سے اکتوبر کے دوران میں ضرورت ہے کہ خانگی مسائل پیشہ ورانہ حیثیت، تنازعات، قانونی معاملات اور بیرونی ملک رہائش کے حوالے سے احتیاطی تدابیر اختیار کرلی جائیں۔

برج دلو: راہو پانچویں اور کیتو گیارھویں گھر میں ہوگا، راہو مادّی معاملات میں کشادگی اور محبت کے حوالے سے کوئی خوشی دے سکتا ہے مگر خیال رہے کہ راہو کی موجودہ پوزیشن دھوکا، فراڈ اور کوئی اسکینڈل بھی لاسکتی ہے، جب کہ کیتو سوشل سرکل اور مالی معاملات میں کمی لاسکتی ہے، کچھ دوست احباب زندگی سے نکل جائیں گے، خصوصاً اپریل سے اکتوبر کے دوران میں صحت اور پیشہ ورانہ معاملات میں خصوصی احتیاط کی ضرورت ہوگی، اس دوران میں کسی تنازع میں اُلجھنے سے گریز کریں اور صحت کے معاملات کو کسی صورت نظر انداز نہ کریں، جب شمس سرطان، سنبلہ اور جدی میں ہو تو احتیاط کی ضرورت مزید بڑھ جاتی ہے، سال کے باقی حصوں میں معاملات آہستہ آہستہ بہتر ہوتے چلے جائیں گے۔

برج حوت: راہو چوتھے گھر میں اور کیتو دسویں گھر میں ہوگا، مشتری کی اچھی پوزیشن اس سال آپ کی معاون و مددگار رہے، یہ کیتو کے برے اثرات کو بھی کم کرے گی، راہو کا اثر مالی معاملات میں بہت زیادہ سرگرم کردے گا، آپ کی مصروفیات میں غیر معمولی اضافہ ہوسکتا ہے، صحت کے حوالے سے فکر کرنے کی ضرورت ہوگی، خصوصاً جب شمس برج میزان، دلو یا اسد میں ہوگا، اس سال انعامی اسکیموں اور بزنس کے معاملات کے علاوہ صحت کے مسائل میں خصوصاً اپریل سے اکتوبر کے دوران مزید محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی، کسی بڑی ناکامی یا قانونی سزا کی لپیٹ میں آنے کا اندیشہ موجود ہے، اپنی حد سے بڑھی ہوئی حساسیت اور جذباتیت کو اس سال کنٹرول میں رکھیں۔

راہو کیتو سے متعلق صدقات

واضح رہے کہ راہو کیتو عام طور پر منحوس اثرات کے لیے مشہور ہیں، کسی بھی زائچے میں ان کے ناقص اور نقصان دہ اثرات سے بچنے کے لیے ضروری صدقات کی پابندی کرنا چاہیے، وہ لوگ جن کے زائچے میں اس سال راہو کیتو خصوصی طور پر نحس اثرات ڈالیں گے انھیں نہایت پابندی سے پورا سال چیونٹیوں اور دیگر حشرات الارض کو خوراک ڈالنا چاہیے، اس کے علاوہ ہفتے کے روز زیادہ عمر کے غریب افراد، مزدور لوگ اور معذور افراد کی مدد کرنا چاہیے اور یہ کام دل کھول کر کرنا چاہیے، اسی طرح منگل کے روز آوارہ کتوں کو خوراک ڈالیں اور ایسے اداروں کو مالی امداد دیں جہاں ذہنی پسماندہ یا نفسیاتی مریضوں کی مفت دیکھ بھال کی جاتی ہو، یہ کام انفرادی طور پر بھی کیا جاسکتا ہے۔

وظیفہ ردِ نحوست

اگر نئے چاند کی ابتدائی تاریخوں میں کسی بھی ہفتہ یا منگل سے یہ وظیفہ شروع کیا جائے تو انشاء اللہ راہو کیتو اور دیگر دوسری نحوستوں کا بھی خاتمہ ہوگا، فجر، عصر یا عشاء کے بعد پورا پانچواں کلمہ 111 مرتبہ اوّل آخر تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اللہ سے عاجزی و انکساری کے ساتھ نحوستوں سے نجات کی دُعا کریں، یہ عمل پورا سال جاری رکھیں۔

از تحریر: سید معصوم علی زنجانی

آپ کیلئے رمضان الکریم کی روزانہ مجرب دعائیں

یا أیّھا الّذین آمنوا کتب علیکم الصّیام کما کتب علی الّذین من قبلکم لعلّکم تتّقون۔

ترجمہ: اے صاحبان ایمان تمہارے اوپر روزے اسی طرح لکھ دیئے گئے ہیں جس طرح تمہارے پہلے والوں پر لکھے گئے تھے شاید تم اس طرح متقی بن جاؤ۔

رمضان کا مہینہ ایک مبارک اور باعظمت مہینہ ہے یہ وہ مہینہ ہے جس میں مسلسل رحمت پروردگار نازل ہوتی رہتی ہے اس مہینہ میں پروردگار نے اپنے بندوں کو یہ وعدہ دیا ہے کہ وہ ان کی دعا کو قبول کرے گا یہی وہ مہینہ ہے جس میں انسان دنیاوآخرت کی نیکیاں حاصل کرتے ہوئے کمال کی منزل تک پہنچ سکتا ہے اور پچاس سال کا معنوی سفر ایک دن یا ایک گھنٹہ میں طے کرسکتا ہے۔ اپنی اصلاح اور نفس امارہ پر کنٹرول کی ایک فرصت ہے جو خداوند متعال نے انسان کو دی ہے۔

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جنہیں ایک بار پھر ماہ مبارک رمضان نصیب ہوا اور یہ خود ایک طرح سے توفیق الٰہی ہے تا کہ انسان خدا کی بارگاہ میں آکر اپنے گناہوں کی بخشش کا سامان کر سکے، ورنہ کتنے ایسے لوگ ہیں جو پچھلے سال ہمارے اور آپ کے ساتھ تھے لیکن آج وہ اس دار فنا سے دار بقاء کی طرف منتقل ہو چکے ہیں۔

عزیزان گرامی! اس مہینہ اور اس کی ان پر برکت گھڑیوں کی قدر جانئیں اور ان سے خوب فائدہ اٹھائیں اس لئے کہ نہیں معلوم کہ اگلے سال یہ موقع اور یہ بابرکت مہینہ ہمیں نصیب ہو یا نہ ہو۔

ماہ مبارک عبادت و بندگی کا مہینہ ہے امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: قال اللہ تبارك و تعالى: یا عبادی الصّدیقین تنعموا بعبادتی فی الدّنیا فانّکم تتنعّمون بھا فی الآخرۃ

خداوند متعال فرماتا ہے: اے میرے سچے بندو! دنیا میں میری عبادت کی نعمت سے فائدہ اٹھاؤ تا کہ اس کے سبب آخرت کی نعمتوں کو پا سکو۔

یعنی اگر آخرت کی بے بہا نعمتوں کو حاصل کرنا چاہتے ہو تو پھر دنیا میں میری نعمتوں کو بجالاؤ اس لئے کہ اگر تم دنیا میں میری نعمتوں کی قدر نہیں کرو گے تو میں تمہیں آخرت کی نعمتوں سے محروم کر دوں گا اور اگر تم نے دنیا میں میری نعمتوں کی قدر کی تو پھر روز قیامت میں تمھارے لئے اپنی نعمتوں کی بارش کردوں گا۔ انہیں دنیا کی نعمتوں میں سے ایک ماہ مبارک اور اس کے روزے ہیں کہ اگر حکم پروردگار پر لبیک کہتے ہوئے روزہ رکھا، بھوک و پیاس کو تحمل کیا تو جب جنّت میں داخل ہو گے تو آواز قدرت آئے گی:

کلوا و اشربوا ھنیئا بما أسلفتم فی الأیّام الخالیۃ **ترجمہ:** اب آرام سے کھاؤ پیو کہ تم نے گذشتہ دنوں میں ان نعمتوں کا انتظام کیا ہے۔

ماہ مبارک کے روز وشب انسان کے لئے نعمت پروردگار ہیں جن کا ہر وقت شکرادا کرتے رہنا چاہئے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان بابرکت اوقات اور اس زندگی کی نعمت کا کیسے شکریہ ادا کیا جائے، امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:

من قال أربع مرّات اذا أصبح ، الحمد للہ ربّ العالمین فقد أدّی شکر یومہ و من قالھا اذا أمسٰی فقد أدّی شکر لیلتہ

جس شخص نے صبح اٹھتے وقت چار بار کہا: (الحمد للہ ربّ العالمین) اس نے اس دن کا شکر ادا کر دیا اور جس نے شام کو کہا اس نے اس رات کا شکر ادا کر دیا۔

کتنا آسان طریقہ بتا دیا امام علیہ السلام نے اور پھر اس مہینہ میں تو ہر عمل دس برابر فضیلت رکھتا ہے ایک آیت کا ثواب دس کے برابر، ایک نیکی کا ثواب دس

برابر، امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں: من قرء فی شهر رمضان آية من كتاب الله كان كمن ختم القرآن فی غيره من الشهور
جو شخص ماہ مبارک میں قرآن کی ایک آیت پڑھے تو اس کا اجر اتنا ہی ہے جتنا دوسرے مہینوں میں پورا قرآن پڑھنے کا ہے۔
کسی شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا:

يا رسول الله! ثواب رجب أبلغ أم ثواب شهر رمضان؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم: ليس على ثواب رمضان قياس يا رسول اللہ! رجب کا ثواب زیادہ ہے یا ماہ رمضان کا؟ تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ماہ رمضان کے ثواب پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ گویا خداوند متعال بہانہ طلب کر رہا ہے کہ کسی طرح میرا بندہ میرے سامنے آکر جھکے تو سہی۔ کسی طرح آکر مجھ سے راز و نیاز کرے تو سہی تا کہ میں اس کو بخشش دوں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ماہ مبارک کی فضیلت بیان فرماتے ہیں:

انّ شهر رمضان، شهر عظيم يضاعف الله فيه الحسنات و يمحو فيه السيئات و يرفع فيه الدرجات.
ماہ مبارک عظیم مہینہ ہے جس میں خداوند متعال نیکیوں کو دو برابر کر دیتا ہے۔ گناہوں کو مٹا دیتا اور درجات کو بلند کرتا ہے۔
امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: اذا أسلم شهر رمضان سلمت السنة و رأس السنة شهر رمضان
اگر کوئی شخص ماہ مبارک میں سالم رہے تو پورا سال صحیح و سالم رہے گا اور ماہ مبارک کو سال کا آغاز شمار کیا جاتا ہے۔ اب یہ حدیث مطلق ہے جسم کی سلامتی کو بھی شامل ہے اور اسی طرح روح کی بھی۔ یعنی اگر کوئی شخص اس مہینہ میں نفس امارہ پر کنٹرول کرتے ہوئے اپنی روح کو سالم غذا دے تو خداوند متعال کی مدد اس کے شامل حال ہوگی اور وہ اسے اپنی رحمت سے پورا سال گناہوں سے محفوظ رکھے گا۔ اسی لئے تو علمائے اخلاق فرماتے ہیں کہ رمضان المبارک خودسازی کا مہینہ ہے تہذیب نفس کا مہینہ ہے۔ اس ماہ میں انسان اپنے نفس کا تزکیہ کر سکتا ہے۔ اور اگر وہ پورے مہینے کے روزے صحیح آداب کے ساتھ بجالاتا ہے تو اسے اپنے نفس پر قابو پانے کا ملکہ حاصل ہو جائے گا اور پھر شیطان آسانی سے اسے گمراہ نہیں کر پائے گا۔

عزیزان گرامی! جو نیکی کرنی ہے وہ اس مہینہ میں کرلیں، جو صدقات و خیرات دینا چاہتے ہیں وہ اس مہینہ میں حقدار تک پہنچائیں اس میں سستی مت کریں۔ مولائے کائنات امیرالمؤمنین علیہ السلام فرماتے ہیں اے انسان تیرے پاس تین ہی تو دن ہیں ایک کل کا دن جو گذر چکا اور اس پر تیرا قابو نہیں چلتا اس لئے کہ جو اس میں تو نے انجام دینا تھا دے دیا۔ اس کے دوبارہ آنے کی امید نہیں اور ایک آنے والے کل کا دن ہے جس کے آنے کی تیرے پاس ضمانت نہیں، ممکن ہے زندہ رہے، ممکن ہے اس دنیا سے جانا پڑ جائے، تو بس ایک ہی دن تیرے پاس رہ جاتا ہے اور وہ آج کا دن ہے جو کچھ بجالانا چاہتا ہے اس دن میں بجالا۔ اگر کسی غریب کی مدد کرنا ہے تو اس دن میں کر لے، اگر کسی یتیم کو کھانا کھلانا ہے تو آج کے دن میں کھلا لے، اگر کسی کو صدقہ دینا ہے تو آج کے دن میں دے، اگر خمس نہیں نکالا تو آج ہی کے اپنا حساب کر لے، اگر کسی ماں یا بہن نے آج تک پردہ کی رعایت نہیں کی تو جناب زینب سلام اللہ علیہا کا واسطہ دے کر توبہ کر لے، اگر آج تک نماز سے بھاگتا رہا تو آج اس مبارک مہینہ میں اپنے رب کی بارگاہ میں سر جھکا لے خدا رحیم ہے تیری توبہ قبول کر لے گا۔ اس لئے کہ اس نے خود فرمایا ہے: (أدعوني أستجب لكم)
اے میرے بندے مجھے پکار میں تیری دعا قبول کروں گا۔
عزیزان گرامی! یہ مہینہ دعاؤں کا مہینہ ہے بخشش کا مہینہ ہے اور پھر خود رسول مکرم اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: انّما سمّي رمضان لأنّه يرمض الذّنوب رمضان المبارک کو رمضان اس لئے کہا جاتا ہے چونکہ وہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ آئیں مل کر دعا کریں کہ اے پالنے والے تجھے اس مقدس مہینہ کی عظمت کا واسطہ ہم سب کو اس ماہ میں اپنے اپنے نفس کی تہذیب واصلاح اور اسے اس طرح گناہوں سے پاک کرنے کی توفیق عطا فرما جس طرح تو چاہتا ہے اس لئے کہ تیری مدد کے بغیر کوئی کام ممکن نہیں ہے۔ آمین

رمضان المبارک کے تینوں عشروں کی دعا

پہلے عشرے کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ **ترجمہ**: اے میرے رب

مجھے بخشش دے مجھ پر رحم فرما، تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

دوسرے عشرے کی دعا۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ **ترجمہ:** میں اللہ سے تمام گناہوں کی بخشش مانگتا/مانگتی ہوں جو میرا رب ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا/کرتی ہوں۔

تیسرے عشرے کی دعا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّا تُحِبُّ الْعَفْوَفَاعْفُ عَنَّا۔ **ترجمہ:** اے اللہ بے شک تو معاف کرنے والا ہے معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پس ہمیں معاف فرمادے۔ اس کے ساتھ کثرت سے لا الہ الا اللہ کا ذکر کریں کہ یہ افضل الذکر ہے۔ اور الحمد اللہ کہ یہ افضل الدعا ہے اور اول آخر بے شمار درود پاک پڑھیں۔

ماہِ رمضان کی روزانہ کی دعائیں

(1) رمضان کے پہلے دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صِیامی فیہِ صِیامَ الصّآئِمینَ وَ قِیامی فیہِ قِیامَ الْقائِمینَ وَ نَبِّھْنی فیہِ عَنْ نَوْمَۃِ الْغافِلینَ وَھَبْ لی جُرْمی فیہِ یااِلہَ الْعالَمینَ وَ اعْفُ عَنّی یا عافِیاً عَنِ الْمُجْرِمینَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا میرا روزہ اس دن میں روزہ داروں کے روزہ کی طرح قرار دے اور میری نماز، نماز گزاروں کی نماز کی طرح قرار دے اور مجھ کو ہوشیار کردے غافلوں کی نیند سے اور میرے گناہ کو بخش دے اے عالمین کے معبود اور مجھ کو معاف کردے اے گنہگاروں کے معاف کرنے والے۔

(2) رمضان کے دوسرے دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ قَرِّبْنی فیہِ اِلی مَرْضاتِكَ وَ جَنِّبْنی فیہِ مِنْ سَخَطِكَ وَ نَقِماتِكَ وَ وَفِّقْنی فیہِ لِقِرائَۃِ ایاتِكَ بِرَحْمَتِكَ یا اَرْحَمَ الرّاحِمینَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا مجھ کو اس دن میں اپنی مرضی سے قریب کر اور اس دن میں مجھ کو اپنے غصہ اور عذاب سے بچالے اور مجھ کو اس میں توفیق عطا کر اپنے قرآن کی آیتوں کے پڑھنے کی اپنی رحمت کے ذریعہ سے اے سب سے بڑے رحم کرنے والے۔

(3) رمضان کے تیسرے دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنی فیہِ الذِّھْنَ وَ التَّنْبیہَ وَ باعِدْنی فیہِ مِنَ السَّفاھَۃِ وَ التَّمْویہِ وَ اجْعَلْ لی نَصیباً مِنْ کُلِ خَیْرٍ تُنْزِلُ فیہِ بِجُودِكَ یا اَجْوَدَ الاَجْوَدینَ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس دن مجھ کو ہوش اور بیداری عطا فرما اور مجھ کو بیوقوفی اور جہالت سے دور کر اور میرے لیے ہر اس نیکی میں جو تو اس روز نازل کرے گا حصہ قرار دے اے سب سے بڑے جود و بخشش والے۔

(4) رمضان کے چوتھے دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ قَوِّنی فیہِ عَلی اِقامَۃِ اَمْرِكَ وَ اَذِقْنی فیہِ حَلاوَۃَ ذِکْرِكَ وَ اَوْزِعْنی فیہِ لاَداءِ شُکْرِكَ بِکَرَمِكَ وَ احْفَظْنی فیہِ بِحِفْظِكَ وَ سَتْرِكَ یا اَبْصَرَ النّاظِرینَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا مجھ کو قوت دے اس دن اپنے امر انجام دینے کی اور مجھ کو اپنے ذکر کی شیرینی چکھا دے اور مجھ کو اپنے شکر کے ادا کرنے کے لیے آمادہ کر اپنے کرم سے اور مجھ کو اپنی حفاظت کے ذریعہ اور اپنی پردہ پوشی کے ذریعہ محفوظ کر اے سب سے زیادہ دیکھنے والے۔

(5) رمضان کے پانچویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنی فیہِ مِنَ الْمُسْتَغْفِرینَ وَ اجْعَلْنی فیہِ مِنْ عِبادِكَ الصّالِحینَ الْقانِتینَ وَ اجْعَلْنی فیہِ مِنْ اَوْلِیآئِكَ الْمُقَرَّبینَ بِرَاْفَتِكَ یا اَرْحَمَ الرّاحِمینَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا مجھ کو اس دن میں توبہ کرنے والوں میں قرار دے اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں قرار دے جو تیری اطاعت کرنے والے ہیں اور مجھ کو قرار دے اپنے مقرب ترین دوستوں میں اپنی مہربانی سے اے سب سے بڑے رحم کرنے والے۔

(6) رمضان کے چھٹے دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ لاتَخْذُلْنی فیہِ لِتَعَرُّضِ مَعْصِیَتِكَ وَ لاتَضْرِبْنی بِسِیاطِ نَقِمَتِكَ وَ زَحْزِحْنی فیہِ مِنْ مُوجِباتِ

سَخَطِكَ بِمَنِّكَ و اَيادِيكَ يا مُنْتَهى رَغْبَةِ الرّاغِبين. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ اے خدا مجھ کو اس دن معصیت کی وجہ سے رسوا نہ کرنا اور اپنے عذاب کے تازیانہ سے نہ مارنا اور مجھ کو دور نہ کر دینا اپنے غصہ کے موجبات کی وجہ سے اپنے احسان سے اور نعمتوں سے اے شوق و رغبت رکھنے والوں کے انتہا، آرزو

(7) رمضان کے ساتویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اَعِنّي فيهِ علی صِيامِهِ وَ قِيامِهِ وَجَنِّبْني فيهِ مِنْ هَفَواتِهِ وَ اٰثامِهِ وَ ارْزُقْني فيهِ ذِكْرَكَ بِدَوامِهِ بِتَوْفيقِكَ يا هادِيَ الْمُضِلّين. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا تو میری مدد کر اس دن کے روزہ اور عبادت پر اور مجھ کو محفوظ رکھ اس میں لغزشوں اور گناہوں سے اور اس میں اپنے ذکر دائم کی توفیق دے اپنی توفیق سے اے گمراہوں کی رہنمائی کرنے والے۔

(8) رمضان کے آٹھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ ارْزُقْني فيهِ رَحْمَةَ الاَيْتامِ وَ اِطْعامَ الطَّعامِ وَ اِفْشاءَ السَّلامِ وَ صُحْبَةَ الْكِرامِ بِطَوْلِكَ يا مَلْجَأَ الاٰمِلين. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس دن میں مجھ کو توفیق عطا فرما یتیموں پر رحم کرنے بھوکوں کو کھانا کھلانے اور اسلام کو پھیلانے اور نیک لوگوں کی صحبت میں رہنے کی اپنے انعام کے ذریعہ اے آرزومندوں کی پناہ گاہ۔

(9) رمضان کے نویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لي فيهِ نَصيباً مِنْ رَحْمَتِكَ الْواسِعَةِ وَ اهْدِني فيهِ لِبَراهينِكَ السّاطِعَةِ وَ خُذْ بِناصِيَتي اِلی مَرْضاتِكَ الْجامِعَةِ بِمَحَبَّتِكَ يا اَمَلَ الْمُشْتاقين. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا میرے لئے اس دن اپنی رحمت مکمل وسیع حصہ قرار دے اور اس میں میری ھدایت کر اپنی روشن دلیلوں کے ذریعہ اور میری پیشانی کو اپنی جامع خوشنودی کی جانب لے جا اپنی محبت کے ذریعہ اے شوق والوں کے آرزو۔

(10) رمضان کے دسویں دن کی دعا:

قرآن کریم بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْني فيهِ مِنَ الْمُتَوَكِّلينَ عَلَيْكَ وَ اجْعَلْني فيهِ مِنَ الْفائِزينَ لَدَيْكَ وَ اجْعَلْني فيهِ مِنَ الْمُقَرَّبينَ اِلَيْكَ بِاِحْسانِكَ يا غايَةَ الطّالِبين. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا مجھ کو اس میں اپنے اوپر توکل کرنے والوں میں قرار دے اور مجھ کو اس میں اپنی بارگاہ میں کامیاب ہونے والوں میں قرار دے اور مجھ کو اس میں اپنے دربار میں مقرب لوگوں میں قرار دے اپنے احسان سے اے طلب کرنے والوں کا مقصد۔

(11) رمضان کے گیارھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيَّ فيهِ الْاِحْسانَ وَ كَرِّهْ اِلَيَّ فيهِ الْفُسُوقَ وَ الْعِصْيانَ وَ حَرِّمْ عَلَيَّ فيهِ السَّخَطَ وَ النّيرانَ بِعَوْنِكَ يا غِياثَ الْمُسْتَغيثين. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس دن احسان اور نیکی کو میرے لئے محبوب کر دے اور فسق و فجور اور عصیان کو ناپسندیدہ کر دے اور اس میں مجھ پر غصہ اور جہنم کو حرام قرار دے اپنی مدد سے اے فریاد کرنے والوں کے فریادرس۔

(12) رمضان کے بارھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ زَيِّنّي فيهِ بِالسِّتْرِ وَ الْعَفافِ وَ اسْتُرْني فيهِ بِلِباسِ الْقُنُوعِ وَ الْكَفافِ وَ احْمِلْني فيهِ عَلَی الْعَدْلِ وَ الْاِنْصافِ وَ اٰمِنّي فيهِ مِنْ كُلِّ ما اَخافُ بِعِصْمَتِكَ يا عِصْمَةَ الْخائِفين. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا مجھ کو اس دن میں پردہ پوشی اور پاکیزگی سے آراستہ کر دے اور مجھ کو قناعت اور کفایت کا لباس پہنا کر چھپا دے اور مجھ کو عدل و انصاف میں لگا دے اور مجھ کو محفوظ کر دے ہر اس چیز سے جس سے میں خوف کرتا ہوں اپنی حفاظت کے ذریعہ کے خوف کرنے والوں کے بچانے والے۔

(13) رمضان کے تیرھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ طَهِّرْني فيهِ مِنَ الدَّنَسِ وَ الْاَقْذارِ وَ صَبِّرْني فيهِ عَلی كائِناتِ الْاَقْدارِ وَ وَفِّقْني فيهِ لِلتُّقی وَ

صُحْبَةِ الاَبْرارِ بِعَوْنِكَ يا قُرَّةَ عَيْنِ الْمَسا كِيْنِ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔خدایا مجھ کو اس میں گندگی اور کثافت سے پاک کردے اور مجھ کو صبر دے دے کائنات قضاوقدر پر اور مجھ کو توفیق دے دے تقویٰ کی اور نیک لوگوں کی صحبت کی اپنی مدد سے اے مسکینوں کی آنکھ کی ٹھنڈک۔

(14) رمضان کے چودھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ لاتُؤاخِذْنی فيهِ بِالْعَثَراتِ وَ اَقِلْنی فيهِ مِنَ الْخَطايا وَ الْهَفَواتِ وَ لاتَجْعَلْنی فيهِ غَرَضاً لِلْبَلايا وَ الافاتِ بِعِزَّتِكَ يا عِزَّ الْمُسْلِمينَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔خدایا اس دن میری لغزشوں کا مجھ سے مواخذہ نہ کر اور میری خطاؤں اور غلطیوں کے عذر کو قبول کرلے اور مجھ کو بلا و آفت کے تیر کا نشانہ نہ بنا اپنی عزت کے واسطہ سے اے مسلمانوں کو عزت دینے والے۔

(15) رمضان کے پندرھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنی فيهِ طاعَةَ الْخاشِعينَ وَ اشْرَحْ فيهِ صَدْری بِاِنابَةِ الْمُخْبِتينَ بِأمانِكَ يا اَمانَ الْخائِفينَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس دن میں خضوع وخشوع کرنے والے بندوں کی اطاعت میرا نصیب کر اور میرے سینے کو اس میں کشادہ کر اپنے خدا سے ڈرنے والوں کی فروتنی کی طرح اپنے امان سے اے خوف رکھنے والوں کے امان۔

(16) رمضان کے سولھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنی فيهِ لِمُوافَقَةِ الاَبْرارِ وَ جَنِّبْنی فيهِ مُرافَقَةَ الاَشْرارِ وَ اوِنی فيهِ بِرَحْمَتِكَ اِلى دارِ الْقَرارِ بِاِلهِيَّتِكَ يا اِلهَ الْعالَمينَ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے خدایا مجھ کو اس میں توفیق عطا کر نیکوکاروں کی موافقت کی اور مجھ کو محفوظ رکھ بدکاروں کی رفاقت سے اور اپنی رحمت سے مجھ کو بہشت دار القرار میں جگہ دے اپنی الوہیت کے ذریعہ اے عالمین کے معبود۔

(17) رمضان کے سترھویں پہلے دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ اهْدِنی فيهِ لِصالِحِ الاَعْمالِ وَ اقْضِ لی فيهِ الْحَوائِجَ وَ الامالَ يا مَنْ لايَحْتاجُ اِلَى التَّفْسيرِ وَ السُّؤالِ يا عالِماً بِما فی صُدُورِ الْعالَمينَ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَ الِهِ الطّاهِرينَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔خدایا اس میں میری ہدایت فرما نیک اعمال کے لیے اور اس میں میری حاجتوں اور امیدوں کو برلا۔اے وہ ذات جو تفسیر اور سوال کی محتاج نہیں ہے اے وہ خدا جو مخلوق کے دلوں میں پوشیدہ رازوں کا جاننے والا ہے درود نازل فرما محمدؐ اور ان کی پاکیزہ آلؑ پر۔

(18) رمضان کے اٹھارھویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ نَبِّهْنی فيهِ لِبَرَكاتِ اَسْحارِهِ وَ نَوِّرْ فيهِ قَلْبی بِضِياءِ اَنْوارِهِ وَ خُذْ بِكُلِّ اَعْضائی اِلَى اتِّباعِ اثارِهِ بِنُورِكَ يا مُنَوِّرَ قُلُوبِ الْعارِفينَ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔خدایا مجھ کو اس میں بیدار رکھ اس کے سحر کی برکتوں کے لیے اور اس میں میرے دل کو نورانی کر اس کے نور سے اور میرے تمام اعضاء و جوارح کو اس کے آثار و برکات کے لیے مسخر کر اپنے نور کے ذریعہ اے معرفت والوں کے دلوں کو روشن کرنے والے۔

(19) رمضان کے انیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ وَفِّرْ فيهِ حَظّی مِنْ بَرَكاتِهِ وَ سَهِّلْ سَبيلی اِلى خَيْراتِهِ وَ لاتَحْرِمْنی قَبُولَ حَسَناتِهِ يا هادِياً اِلَى الْحَقِّ الْمُبينِ۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔خدایا اس میں میرے لئے اس کی برکات زیادہ کر اور میرے لیے راہ آسان کر اس کی نیکیوں کی طرف اور مجھ کو محروم نہ کر اس کی نیکیوں کے قبول کرنے سے اے دین حق کی جانب رہنمائی کرنے والے۔

(20) رمضان کے بیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لی فيهِ اَبْوابَ الْجِنانِ وَ اَغْلِقْ عَنّی فيهِ اَبْوابَ النّيرانِ وَ وَفِّقْنی فيهِ لِتِلاوَةِ الْقُرْانِ يا

مُنْزِلَ السَّكِينَةِ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا میرے لئے اس دن میں جنت کے دروازوں کو کھول دے اور میرے اوپر بند کردے جہنم کے دروازوں کو اور مجھ کو اس میں قرآن مجید کی تلاوت کی توفیق دے اے مومنوں کے دلوں میں سکون کے نازل کرنے والے۔

(21) رمضان کے اکیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِي فِيهِ إِلَى مَرْضَاتِكَ دَلِيلاً وَ لَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيهِ عَلَيَّ سَبِيلاً وَ اجْعَلِ الْجَنَّةَ لِي مَنْزِلاً وَ مَقِيلاً يَا قَاضِيَ حَوَائِجِ الطَّالِبِينَ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا میرے لئے اس میں اپنی مرضی کی جانب رہنمائی قرار دے اور مجھ پر شیطان کے لیے راہ نہ قرار دے اور جنت کو میرے لیے منزل اور مقام قرار دے اے طلب گاروں کی حاجتوں کو پورا کرنے والے۔

(22) رمضان کے بائیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِي فِيهِ أَبْوَابَ فَضْلِكَ وَ أَنْزِلْ عَلَيَّ فِيهِ بَرَكَاتِكَ وَ وَفِّقْنِي فِيهِ لِمُوجِبَاتِ مَرْضَاتِكَ وَ أَسْكِنِّي فِيهِ بُحْبُوحَاتِ جَنَّاتِكَ يَا مُجِيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّينَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس دن میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل فرما اور مجھ کو اس میں توفیق دے اپنی مرضی کے اسباب کی اور جنت کے بیچوں بیچ میرا مسکن قرار دے اے پریشان لوگوں کی دعاؤں کے قبول کرنے والے۔

(23) رمضان کے تئیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اغْسِلْنِي فِيهِ مِنَ الذُّنُوبِ وَ طَهِّرْنِي فِيهِ مِنَ الْعُيُوبِ وَ امْتَحِنْ قَلْبِي فِيهِ بِتَقْوَى الْقُلُوبِ يَا مُقِيلَ عَثَرَاتِ الْمُذْنِبِينَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا مجھ کو اس میں گناہوں سے پاکیزہ کردے اور عیبوں سے صاف کردے اور میرے دل کا امتحان تقوی کے ذریعہ لے کر مرتبہ عطا کردے اے گنہگاروں کی لغزشوں کے معاف کرنے والے۔

(24) رمضان کے چوبیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ فِيهِ مَا يُرْضِيكَ وَ أَعُوذُ بِكَ مِمَّا يُؤْذِيكَ وَ أَسْأَلُكَ التَّوْفِيقَ فِيهِ لِأَنْ أُطِيعَكَ وَ لَا أَعْصِيَكَ يَا جَوَادَ السَّائِلِينَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس میں اس چیز کا جو تجھ کو پسند ہو اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے جو تجھ کو اذیت دے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں توفیق کا تا کہ میں تیری اطاعت کروں اور معصیت نہ کروں اے سوال کرنے والوں کو عطا کرنے والے۔

(25) رمضان کے پچیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي فِيهِ مُحِبّاً لِأَوْلِيَائِكَ وَ مُعَادِياً لِأَعْدَائِكَ مُسْتَنّاً بِسُنَّةِ خَاتَمِ أَنْبِيَائِكَ يَا عَاصِمَ قُلُوبِ النَّبِيِّينَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا مجھ کو اس میں اپنے دوستوں کا دوست اور اپنے دشمنوں کا دشمن قرار دے اور اپنے خاتم الانبیاء کی سنت کا پابند بنا دے اے پیغمبروں کے دلوں کی حفاظت کرنے والے۔

(26) رمضان کے چھبیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَعْيِي فِيهِ مَشْكُوراً وَ ذَنْبِي فِيهِ مَغْفُوراً وَ عَمَلِي فِيهِ مَقْبُولاً وَ عَيْبِي فِيهِ مَسْتُوراً يَا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا میری کوشش کو اس میں مقبول بنا دے اور میرے گناہوں کو بخش دے اور عمل کو مقبول کردے اور میرے عیب کو پوشیدہ کردے اے سب سے سننے والے۔

(27) رمضان کے ستائیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي فِيهِ فَضْلَ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَ صَيِّرْ أُمُورِي فِيهِ مِنَ الْعُسْرِ إِلَى الْيُسْرِ وَ اقْبَلْ مَعَاذِيرِي وَ حُطَّ عَنِّي الذَّنْبَ وَ الْوِزْرَ يَا رَؤُوفاً بِعِبَادِهِ الصَّالِحِينَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے

جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس میں شب قدر کی فضیلت میرے حصہ میں قرار دے اور میرے امور کو مشکل سے آسانی کی طرف لے جا اور میرے عذر کو قبول کر لے اور میرے گناہ اور بوجھ کو ختم کر دے اے نیک بندوں پر مہربان۔

(28) رمضان کے اٹھائیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ وَفِّرْ حَظّی فیهِ مِنَ النَّوافِلِ وَ اَکْرِمْنی فیهِ بِاِحْضارِ الْمَسآئِلِ وَ قَرِّبْ فیهِ وَ سیلَتی اِلَیْكَ مِنْ بَیْنِ الْوَسائِلِ یا مَنْ لا یَشْغَلُهُ اِلْحاحُ الْمُلِحّینَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس میں مستحبات میں میرا زیادہ حصہ عطا کر اور مجھ کو مکرم بنا مسائل کے حاضر کرنے کے ذریعہ اور میرے وسیلہ کو اپنی طرف کے وسائل میں قریب کر اے وہ خدا جس کو لجاجت کرنے والوں کی لجاجت مشغول نہیں کرتی ہے۔

(29) رمضان کے انتیسویں دن کی دعا:

تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ غَشِّنی فیهِ بِالرَّحْمَةِ وَ ارْزُقْنی فیهِ التَّوْفیقَ وَ الْعِصْمَةَ وَ طَهِّرْ قَلْبی مِنْ غَیاهِبِ التُّهْمَةِ یا رَحیماً بِعِبادِهِ الْمُؤْمِنینَ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ خدایا اس میں مجھ کو رحمت سے چھپا دے اور مجھ کو توفیق اور حفاظت عطا کر اور میرے دل کو پاک کر دے شکوک کی تاریکیوں سے اے مومن بندوں پر رحم کرنے والے۔

ترکیب: ۔دفع کرنے آسیب چڑیل بلا دور کرنے کے لئے یہ کلام چینی کی پلیٹ میں قمر یا عطارد کی ساعت میں لکھیں رجال الغیب کی دعا پڑھ کر یہ لکھیں ایک کلو گوشت ایک کلو برفی پاس ہو تین پلیٹ لکھنے کے بعد گوشت ویران جگہ چوراستے میں رکھ دیں اور برفی پر سورۃ فاتحہ تین بار درود شریف ایک سو بار پڑھ کر حضور پاک محمد ﷺ آل محمدؐ اور تمام مؤکلات اور روحانیات کو ایصال ثواب کر کے چھوٹے بچوں میں تقسیم کر کے مریض کو اس پلیٹ میں پانی ڈال کر حرف مٹانے کے بعد پلائیں یہ طریقہ تین دن کریں چارپائی پر لیٹا مریض بھی ایک بار چلنے لگے گا باوضو جسم صاف والا آدمی اپنے گناہوں کی معافی مانگ کر لکھے پہلے اپنے گریبان میں جھانکے پھر عمل پر اعتراض کرے کہ عمل نے اثر نہیں کیا زنجانی جنتری سے دیکھ کر رجال الغیب دعا پڑھ سکتے ہیں قمر اور عطارد کی ساعت بھی نہیں کر سکتے یا جن کا وضو قائم نہیں ہوتا ان کے خدا کی نعمت ہے یہ کلام استعمال کر کے اپنی عزت برقرار رکھنے کے قابل ہوں گے ادارے کے لئے بھی دعا کریں جب اپنے لئے دعا کریں جن کے ذریعے عمل حاصل ہوا ہے۔

عمل نمبر3: ۔گھر سے بلائیں دور کرنے آسیب جنات مسان دور کرنے کے لئے مجرب عمل

عبارت عمل:۔ اِنۡ یَکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ

ترکیب عمل:۔ جس شخص یا عورت کو جنات مسان آسیب کا مرض ہو اس کے ہاتھ سے دو مٹھی کالی ماش نئی ہانڈی میں رکھوا کر او پر والا ڈھکنا اس پر رکھ کر آٹے سے بند کر دیں اس مٹی کی ہانڈی کے ڈھکنے کے اوپر یہ آیت تین بار لکھے باوضو مریخ یا شمس کی ساعت میں لکھیں ہفتہ یا اتوار کا دن ہو رات کو آگ پر رکھیں یعنی چولہے پر رکھ کر نیچے آگ جلا دیں جو صبح تک جلتی رہے صبح اس ہانڈی کو زمین دفن کر دیں ویران جگہ یا قبرستان میں دریا کے نزدیک یا کنارے میں دفن کرنا زیادہ بہتر ہے مریض کی حالت درست ہو جائے گی بعد میں یہی آیت لکھ کر پینے کے لئے دیں لیکن لکھنے والا پہلے اپنا حصار کرے یہی آیت تین بار پڑھ کر اپنے جسم پر پھونک مارے اگر یہ یاد نہیں تو آیت الکرسی تین بار پڑھ کر اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر دم کر کے یہ لکھنا شروع کرے صدقہ دیں اور نیاز مؤکلات اور سرکار دوعالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ دریا میں ڈالے یا نمازیوں کو کھلائے۔

عمل نمبر4:۔ ہر قسم کا جن دیو پری بھگانے کے لئے قرآنی مجرب عمل

عبارت عمل:۔ سورۃ جن شریف مکمل بغیر تسمیہ بغیر درود شریف کے پڑھائی کرنا

ترکیب عمل چلّہ کا طریقہ:۔ سورۃ جن زبانی یاد کر لیں جو یاد ہو جائے اپنے استاد یا عامل کو سنائے جس اس کا عمل کیا ہو پھر نو چندی پیر علیحدہ جگہ کا بندوبست کر کے رات عشاء کے بعد صاف کپڑا پہنے اور اگربتی جلائی جسم پر خوشبو لگی ہو جائے مصلّٰی پر بیٹھ کر اوّل اعوذ باللہ پھر تسمیہ پھر آیت الکرسی اور تین بار سورہ اخلاص پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم پر ہاتھ پھیر لیں اور سینہ پر پھونک ماریں اس کے بعد سورۃ جن اکتالیس بار تلاوت کریں آخر میں اپنی کامیابی کی دُعا مانگ کر تین بار آیت الکرسی حصار کھولنے کی نیت سے پڑھ کر جہاں دل کرے جائیں یہ طریقہ اکیس رات کریں پرہیز ہر ناجائز چیز کا کریں عمل سے پہلے سوا کلو گوشت خیرات غریبوں میں تقسیم کر دیں یا درس میں دے دیں اور برفی سوا کلو بچوں کو دیں بڑے بھی کھا سکتے ہیں ایک تسبیح درود شریف پڑھ کر ہدیہ رسول کریم محمد مصطفیٰ ﷺ و آل محمدؐ پڑھ کر دیں ہر ہفتہ بعد یہ کام کریں جب چلّہ مکمل وشکرانہ کے دو نفل ادا کریں حسب توفیق خیرات کریں اور روزانہ تین بار سورۃ جن تلاوت کرتے رہیں ہر ماہ بعد ایصال کرتے رہیں رجعت سے محفوظ رہیں گے جب مریض آئے اس کو وضو کرانے کے بعد اپنے سامنے بٹھائے اور پانی پاس رکھے سات بار سورۃ جن پڑھ کر پانی پر دم اور مریض کو دم کریں پھر پانی پینے کے لئے مریض کو دیں اگر جن دیو پڑھائی کے دوران حاضر ہو جائے تو مریض کے چہرے پر پانی دم ہوا چھڑکیں مریض چیک پکار کرے گا چھوڑ کا کہہ دیں نہ مانے پر دوبارہ چھڑکا دیں کمزور ہو کر خود کہے گا میں جاتا ہوں یہ عمل تین یا پانچ دن کرے مریض کو گوشت کا پرہیز کرائیں صدقہ کرائیں خیرات کراتے رہیں ہر قسم کی بلا دور ہوگی۔

عمل نمبر5:۔ ہر قسم کی بلا دور کرنے اور پریشانی کا مجرب عمل پڑھائی 313 بار روزانہ

عبارت عمل:۔ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ یَا مُقَلِّبَ القلوب قَلِّبَ الْاَسْبَابِ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ یَا شیخ عَبدُالقَادِر جِیلَانِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ بِاِذْنِ اللّٰهِ بِحَقِّ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ترکیب استعمال:۔ جو آدمی اپنا علاج خود کرنا چاہے کسی کے پاس جانے سے شرماتا ہو پہلے چار دن لگاتار اپنی طاقت کے مطابق گوشت خرید کر ویران جگہ رکھ آیا کرے پیچھے مُڑ کر نہ دیکھا کرے گھر وضو کر کے آئے۔ پھر نو چندی منگل کو غسل کر کے رات سونے سے پہلے علیحدہ جگہ یہ کلام تین سو تیرہ بار ورد کرے اپنے سینے پر پھونک مار کر چاروں طرف دوبارہ پھونک مارے یہ طریقہ انیس رات کرے ہر تیسرے دن بچوں میں شرینی تقسیم کرے اس شرینی کا ثواب کلام کے مؤکلات اور بزرگوں کو پہنچائے پھر تقسیم کرے انشاء اللہ بلائیں دور ہوں گی پریشانی دور ہوگیں صحت ہونے پر دیگ کا انتظام کر کے سب لوگوں کے گھروں میں نیاز تقسیم کرے تاکہ دوبارہ بلا رُخ نہ کرے ایسا نہ کرنے پر رجعت کا سامنا ہو سکتا ہے اس لئے پہلے بتا دیا ہے آگے آپ کی مرضی ہے اگر عمل کرنے سے پہلے کسی بزرگ سے اجازت حاصل کر لیں تو زیادہ بہتر ہے یہ بلائیں موقع ملنے پر بہت نقصان دیتی ہیں عام آدمی یہ جھٹکا برداشت نہیں کر سکتا۔ بزرگوں کی نظر کرم سے حفاظت رہتی ہے۔

عملیات روحانی

کچھ لوگوں نے خط بھیجے ہیں ہمارے بچے ٹیوشن پڑھتے ہیں پھر بھی فیل ہو جاتے ہیں ان کے بارے میں عملیات بھیجیں تاکہ امتحان میں کامیاب رہیں اس لئے سب کے لئے اس رسالہ سے دیکھ کر عمل کرلیں کامیابی ہوگی۔

عمل نمبر1:۔ پرچہ پردم کرنے اور پرچہ کے دوسرے سامان پردم کرنے کے لئے کلام آسان عمل

کلام عمل:۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِی یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ

ترکیب استعمال:۔باوضو ہو کر امتحان کا پرچہ حل کرنے کے لئے جائیں جب سوال کا پرچہ ملے اس کو پڑھنے سے پہلے گیارہ بار اوپر والا عمل اپنے اوپر دم کریں اور سوالیہ پرچے پر دم کریں قلم پر پھونک ماریں اگر سیاہی پاس ہے اس پر پھونک ماریں اور پرچہ پڑھ کر سوال حل کریں لکھنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر حل شروع کریں۔

کلام:۔ پرچہ حل کرنے کے بعد پرچہ پردم کرنے کی کلام کسی عامل سے اجازت لے لیں۔حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (سورۃ توبہ کی آخری آیت ہے) اس کے بعد اَنْتَ رَبِّیْ اَنْتَ حَسْبِیْ اَنْتَ رَبِّیْ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ تین بار پرچہ کاغذ پر دم کر کے جمع کرادیں۔

عمل نمبر2:۔تعلیم میں دل لگانے دل کو پڑھائی کی طرف راغب کرنے کا مجرب عمل

عبارت عمل:۔یَا حَافِظُ یَا عَلِیْمُ یَا قَادِرُ یَا شَافِیْ

ترکیب عمل:۔ اس عمل کو کرنے کے لئے پانچ وقت کی نماز لازمی پڑھنا شرط ہے اس عمل کو ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ بار ورد کر کے اپنے سینے پر دم کرنا ہے امتحان شروع ہونے سے پہلے ورد کریں جب تک نتیجہ نہ آئے ورد جاری رکھیں حسب توفیق صدقہ دیتے رہیں۔

عمل نمبر3:۔کسی چیز پر عمل دم کر کے استعمال کرنے کا عمل تجربہ شدہ

عبارت عمل:۔یَا عَلِیْمُ یَا حَفِیْظُ یَا قَوِیُّ 313 بار ایک سو ایک بار گیارہ سو بار یہ تعداد دم کریں۔

ترکیب عمل:۔نوچندی جمعرات ساعت مشتری قمر در عقرب نہ ہو رجال الغیب پشت کے پیچھے ہوں یہ شرط ہے اس عمل میں باوضو ہوں اپنے پاس سوا کلو گوشت رکھیں سوا کلو برفی یا کوئی میٹھی چیز ہو۔میٹھی چیز پر ایک سو بار درود شریف اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر ایصال ثواب سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو ہدیہ کریں اور اہل بیت تمام مؤکلات مومنین مومنات جو اس وقت تک فوت ہو چکے ہیں پہنچائیں پھر شہد یا چینی یا نمک پر اوپر والے اسم شریف گیارہ سو بار پڑھیں اور کھانے والی چیز پر دم کریں اس کے بعد دوبارہ یہ اسم تین سو تیرہ بار پڑھ کر دم کریں پھر تیسری بار اس اسم کو ایک سو ایک بار دم کریں چوتھی بار درود شریف تین بار دم کریں پانچویں بار درود شریف نماز والا گیارہ بار دم کریں اس کو صبح نہار منہ اور رات سونے سے پہلے روزانہ استعمال کیا کریں ہر ماہ بعد یہ عمل کر کے استعمال کرتے رہیں امتحان ہونے کے بعد یہ طریقہ چھوڑ سکتے ہیں اگر ہمیشہ کریں دماغ دل جسم کی قوت چاہیں تو یہ طریقہ کر سکتے ہیں شرینی بچوں میں تقسیم کر دیا کریں اور گوشت

ویران جگہ درختوں کی جڑوں کے پاس تھوڑا تھوڑا رکھ دیں یا ویران چوراستہ میں رکھ دیں اگر یہ جگہ نہ ملے تو نہر جاری میں ڈال دیں یا دریا میں حضرت خضر علیہ السلام کو سلام کر کے ڈال دیں۔ یہ ساعت قمر درعقرب رجال الغیب کی معلومات زنجانی جنتری سے آپ کو مل سکتیں ہیں۔

عمل نمبر4:۔ سبق پڑھنے کے بعد بھول جانا دور کرنے کا عمل

عبارت عمل:۔ اَللّٰھُمَّ اَفْرِغْ عَلٰی قَلْبِیْ حُبَّ الْعِلْمِ

ترکیب عمل:۔ اس پڑھائی کو نوچندی پیر سے عصر کے بعد نماز پڑھنے کے بعد ایک سو بار روزانہ ورد کر کے دل پر دم کر دیا کریں دائیں ہاتھ پر دم کر کے سر پر پھیر لیا کریں یہ روزانہ کا عمل ہے جب تک مرض دور نہ ہو پڑھتے رہیں۔

عمل نمبر5:۔ سبق ہمیشہ یاد رہے بھولنے کا مرض ہو جائے دور ہمیشہ کیلئے

عبارت عمل:۔ اَلْمُعِیْدُ اسم اعظم

ترکیب عمل مبارک:۔ اسم اَلْمُعِیْدُ کو ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ بار اور سونے سے پہلے جب تک جاگتے رہیں بغیر تعداد کے اس کو پڑھتے رہیں اس اسم کے مؤکلات کی نیاز عمل شروع کرنے سے پہلے بچوں کو تقسیم کریں یا مسجد کے نمازیوں میں تقسیم کرنا شرط ہے ہر ماہ یہ جاری رکھیں ہماری جاری رہے گا چھ ماہ بعد اس عمل کا عامل دوسروں کو دم کر کے اس مرض کے دور کے لئے چیز دے سکتا ہے۔

عمل نمبر6:۔ امتحان میں اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے کے لئے عمل

عبارت عمل:۔ سورۃ فتح مکمل سورۃ اعلیٰ مکمل پڑھنا

ترکیب عمل:۔ سبق یاد کرنے سے پہلے اور پرچہ دینے سے پہلے دو نفل حاجت ادا کریں سلام پھیرنے کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے سورۃ فتح پڑھیں اپنے جسم پر دم کریں اس کے بعد سورۃ اعلیٰ پڑھیں اپنے دماغ پر دم کریں اپنے ہاتھ پر پھونک مار کر دماغ پر ہاتھ پھیر لیا کریں امتحان دینے کے بعد یہ عمل چھوڑ سکتے ہیں ہمیشہ کرتے رہیں گے تو کوئی پریشانی نہیں آئے گی اس کا حل پہلے ہی معلوم ہو جایا کرے گا منکر عمل کے تجربہ کر سکتے ہیں صدقہ دیتے رہیں اپنے استاد سے رابطہ رکھیں حکم مانیں جو کہیں۔

عمل نمبر7:۔ یقینی کامیابی حاصل کرنے کا مجرب عمل

عبارت کلام:۔ حَتّٰی یُؤْتٰی مِثْلَ مَا اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰہِ مجھے اس امتحان میں یقینی کامیابی ہو اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ (سورۃ الانعام)

ترکیب عمل:۔ اس عمل میں پانچ وقت کی نماز پڑھنا فرض ہے جھوٹ سے پرہیز حلال کھانا شرط ہے ہر نماز کے بعد گیارہ بار آیت پاک پڑھیں درمیان میں اپنے مطلب کے الفاظ ہوں نتیجہ آنے تک یہ عمل کرتے رہیں صدقہ حسب توفیق دیتے رہیں ایصال ثواب بھی کرتے رہیں۔

عمل نمبر8:۔ امتحان میں پاس ہونے کے لئے مجرب عمل

عبارت عمل:۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّم وَ صَلِّ عَلَیْہِ

ترکیب عمل:۔ جو لڑکا یا لڑکی پرہیز سے گھبراتا ہو اور عمل پڑھنے سے ڈرتا ہو کسی کے پاس جانے سے شرماتا ہو وہ اس عمل کو شروع کرے ناکامی کامیابی میں تبدیل ہو جائے گی اس درود شریف کو رات سو بار یا پانچ سو بار پڑھیں پھر سجدہ میں دُعا کریں پھر اُٹھ کر چاروں طرف پھونک ماریں یہ طریقہ نتیجہ آنے تک کرتے رہیں امتحان ہونے سے پہلے شروع کرنا شرط ہے ہمیشہ پڑھنے سے غصہ دور مخلوق مہربان لڑائی جھگڑا دور رہے گا۔ جادو ٹونے والا طالب علم بھی اس عمل کو پڑھ سکتا ہے۔

عمل نمبر9:۔ امتحان میں کامیابی کے لئے ایک رات کا عمل

عبارت عمل:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترکیب عمل:۔ امتحان کا پرچہ دینے سے پہلی رات نہا دھو کر صدقہ دیکر علیحدہ جگہ وضو کر کے خوشبو لگا کر بیٹھ جائیں ایک ہزار بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں پھر دو نفل حاجت پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے امتحان میں کامیابی اور پرچہ کے سوال کامیابی میں لکھنے کی دُعا کریں جسم پر پھونک ماریں پھر ایک ہزار تسمیہ پڑھیں پھر دو نفل پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پھر امتحان میں پرچہ کامیابی سے لکھنے کی دُعا کریں پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یعنی تسمیہ پڑھ کر ایک ہزار کے دو نفل ادا کر کے گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کی دُعا کریں یہ طریقہ بارہ بار کریں اس طرح بارہ ہزار بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور چوبیس رکعت نماز حاجت ادا ہو گی صبح پرچہ پر جائیں اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائے گا کھانے پر چینی پر بھی دم کریں صبح یہ چیز کھالیں۔

فیضان القرآن

از تحریر: شہزادہ منظور علی سمون، ٹنڈو محمد خان

حروفِ صوامت کا توڑ (حروف نورانی)

لوح تحفظ

پیارے قارئین! حروف صوامت کے متعلق میرے تحقیقی مجرب و آسان اعمال والے مضامین مسلسل آپ تک پہنچ رہے ہیں۔ اور انشاء اللہ آئندہ بھی آپ تک نایاب مضامین پہنچتے رہیں گے۔ اس دفعہ بھی حروف صوامت کی رجعت نحوست بندش کو ختم کرنے کے لئے لوح تحفظ مبارک حروف مقطعات نورانی حاضر خدمت ہے۔ کیسی ہی خطرناک رجعت کیوں نہ ہو اس کے نحس اثرات ختم ہوجائیں گے۔

☆ بڑی جدوجہد اور محنت غور وفکر کے بعد کلام الٰہی سے حروف مقطعات نورانی کے ایسے لاجواب باکمال عبارات کو تلاش کیا ہے جس کے اعداد کا مجموعہ 543 بنتا ہے۔ جو کہ حروف صوامت ادھو حطك لمس عصر کے اعداد 543 کے موافق ہیں۔

☆ حروف مقطعات نورانی کلام الٰہی میں 29 سورتوں کے اوّل میں آئے ہیں۔ ان حروف مبارکہ میں قدرت کے بہت سارے اسرار بے شمار کرشمات معجزات اور راز رکھے ہوئے ہیں۔ ان حروف کو مفتاح السورۃ بھی کہتے ہیں۔

☆ میرے ہر مضمون میں بہت سارے راز موجود ہوتے ہیں۔ جن کو آپ یقیناً محسوس کرتے ہونگے۔ ایسے اعمال راز سینہ ہوتے ہیں جو کہ لاکھوں روپیہ معاوضہ ادا کرنے کے بعد بھی کہیں سے نہیں ملیں گے بس یہ بندہ احقر ایسے نایاب رازوں کو آپ کے لئے ظاہر کر رہا ہے۔ دُعائے خیر میں ضرور یاد رکھیئے گا۔

کچھ ایسی عبارات نورانی پیش کر رہا ہوں جن کے اعداد کا مجموعہ 543 بنتے ہیں۔ حروف مقطعات نورانی اپنے اندر بڑی طاقت خواص و اثرات رکھتے ہیں۔ ہر قسم کی رجعت نحوست بندش، سحر، جادو جنات، خطرناک امراض، حادثہ، بم گولی بندوق و تیغ دار چیز سے تحفظ ملے گا۔

وہ عبارات نورانی یہ ھیں:۔

نمبر	حروف مقطعات نورانی	کلمات	حروف	اعداد
1	الٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰسٓ۔ حٰمٓ	4	12	543
2	کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ۔ حٰمٓ۔ عسق	4	12	543
3	کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسٓ۔ قٓ	5	13	543
4	الٓمٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ عٓسٓقٓ۔ نٓ	6	14	543

☆ **زکات:**۔ حروف مقطعات نورانی کی جس نمبر کی عبارات سے فیض لینا چاہیں اس کو پہلے زکات کے طور پر 543 دفعہ لکھ کر زکات قائم کریں۔ گزشتہ مضمون میں زکات کا مختصر طریقہ پیش کر چکا ہوں۔ اس کو مدنظر رکھ کر زکات قائم کریں۔

☆ **لوح تحفظ:**۔ حروف مقطعات نورانی نمبر 1 والے کلمات سے لوح تحفظ حاضر خدمت ہے اسے کسی سعد وقت میں مکمل قواعد عملیات کے مطابق عرق گلاب، زعفران، عنبر سے تیار کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔

لوح تحفظ

۷۸۶

الٓرٰ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰسٓ	حٰمٓ
۷۰	۴۷	۲۳۲	۱۹۴
۴۶	۶۷	۱۹۷	۲۳۳
۱۹۶	۲۳۴	۴۵	۶۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم
کٓھٰیٰعٓصٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ

ازتحریر: سجاد حسین جعفری، بھلوال

درست تاریخ پیدائش کیسے معلوم کریں؟

ہمیں اپنی پیدائش کا دن، تاریخ اور سال معلوم کرنا ہو تو کیا طریقہ استعمال کریں کہ ہمیں یہ سب چیزیں درست طور پر معلوم ہو سکیں صحیح تاریخ پیدائش معلوم کرنے کے لئے میں مندرجہ ذیل طریقے استعمال کرتا ہوں۔ امید ہے کہ ہر قاری اس سے استفادہ کریگا۔

تاریخی واقعہ سے تاریخ پیدائش کا تعین

ایک ان پڑھ لڑکا میرے پاس آیا اور بولا میں اپنی تاریخ پیدائش کیسے معلوم کروں کیوں کے میرے والدین ان پڑھ تھے میں نے کہا اس دن کوئی اہم واقعہ رونما ہوا ہو وہ بولا میری امی کہتی ہیں جس دن تم پیدا ہوئے تھے اس دن بھٹو صاحب کو پھانسی دی گئی تھی۔ میں نے کہا یہ کام تو بالکل آسان ہو گیا کیونکہ یہ ایک تاریخی واقعہ ہے چنانچہ میں نے جنتری سے اسے اس کی صحیح تاریخ پیدائش بتادی۔

پاکستان کی سالگرہ سے تاریخ پیدائش کا تعین

میرے پاس ایک لڑکی آئی اور بولی سر میری تاریخ پیدائش یاد رکھنا بڑی آسان ہے میں نے کہا وہ کیسے اس نے کہا میں 14 اگست کو پیدا ہوئی تھی۔

کسی دوسرے فرد کی سالگرہ کے دن کا تعین

میرے پاس ایک لڑکا آیا میں نے کہا تمہیں اپنی تاریخ پیدائش یاد ہے اس نے کہا نہیں۔ یونین کونسل میں لکھوائی تھی لیکن اس میں بھی کچھ دن کا فرق ہے۔ میں نے کہا جب تم پیدا ہوئے اس ن کوئی اور بھی پیدا ہوا تھا اس نے کہا میرے گھر والے کہتے ہیں جب تم پیدا ہوئے تھے تو تمہارے پیدا ہونے کے ٹھیک دو دن بعد تمہارے ابو کے دوست کا لڑکا پیدا ہوا تھا میں نے کہا اس سے ملو وہ اسے ملا اور اس نے بتایا کہ جب اس کا لڑکا پیدا ہوا تھا میں نے اس کی درست تاریخ پیدائش لکھ لی تھی۔ چنانچہ اس سے دو دن بعد درست تاریخ پیدائش کا تعین کر لیا گیا۔

کسی کی وفات سے تعین

بعض دفعہ درست تاریخ پیدائش معلوم کرنے کے لئے مجھے یہ طریقہ استعمال کرنا پڑتا ہے۔ اگر کسی کو اپنی درست تاریخ پیدائش کا پتہ نہ ہو تو وہ اپنے والدین یا رشتہ داروں سے پوچھے کہ اس دن کوئی عالمی شخصیت یا قومی شخصیت کی وفات تو نہیں ہوئی تھی۔ یا اس کے گاؤں، پڑوس یا برادری میں کوئی فوت تو نہیں ہوا تھا کیونکہ جس دن کوئی فوت ہوتا ہے وہ تاریخ قبر کے کتبے پر لکھی جاتی ہے۔

حج کے دن سے تاریخ پیدائش کا تعین

بعض بچوں کے نام حاجی ہوتے ہیں وہ اسلئے نہیں کہ انہوں نے حج کیا ہوتا ہے بلکہ اسلئے کہ وہ حج کے دن پیدا ہوتے ہیں سال میں حج کا دن فقط ایک بار آتا ہے اس سے بھی تاریخ پیدائش کا تعین آسان ہو جاتا ہے۔

ماہِ محرم سے تاریخ پیدائش کا تعین

محرم کے دس دن تمام عالم اسلام کے لئے غم والم کے دن ہیں اگر کوئی ان دس دنوں میں پیدا ہوا ہو تو اس کی تاریخ پیدائش کا تعین کرنا بھی آسان ہو جاتا ہے۔

ماہِ رمضان سے تاریخ پیدائش کا تعین

بعض والدین کو یہ بات یاد رہتی ہے کہ میرا بیٹا یا میری بیٹی کس روزے کو پیدا ہوئی/ ہوا تھا اس سے بھی تاریخ پیدائش کا تعین آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔

عالمی شخصیت کی سالگرہ کے دن سے تعین

علامہ اقبالؒ کی پیدائش 9 نومبر، قائداعظمؒ کی پیدائش 25 دسمبر وغیرہ وہ تاریخیں ہیں جن سے ہر بچہ واقف ہے اس دن اگر کوئی پیدا ہوا ہو تو اسے تو بآسانی پتہ چل جاتا ہے۔

عیدین سے تعین

بعض بچے عید الفطر، عید الاضحٰی یا عید غدیر کے دن پیدا ہوتے ہیں ان سے بھی تاریخ پیدائش کا تعین کرنے میں کافی مدد ملتی ہے۔

شادی سے تاریخ پیدائش کا تعین

ایسا بھی ہوتا ہے کہ بعض بچے گر کسی دن پیدا ہوں تو ٹھیک اسی دن اس کے کسی قریبی عزیز یا ہمسایوں میں شادی ہو رہی ہوتی ہے جن کی شادی ہو رہی ہو ان کو شادی کی تاریخ اچھی طرح یاد ہوتی ہے اس طریقے سے بھی صحیح تاریخ پیدائش معلوم کی جا سکتی ہے۔

عالمی یا قومی حادثہ سے تاریخ پیدائش کا تعین

بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہیں عالمی دُنیا میں یا اپنے ملک میں کوئی حادثہ رونما ہو جاتا ہے اگر اس دن کسی کی پیدائش ہو تو درست تاریخ پیدائش کا پتہ چل سکتا ہے۔

مثلاً:۔ بڑے زلزلے کا آنا، جہاز کا گر جانا، جنگ چھڑ جانا، کسی ملک کا حملہ کر دینا۔

از تحریر: سید انور فراز کراچی

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے

خوبیوں اور خامیوں کا حقیقی ادراک‘ خوابوں میں بشارت یا لاشعور کی شرارت

آج کا موضوع علم نجوم سے استفادہ اور طریق کار ہے‘ یہ بالکل ایسی ہی بات ہے جیسے میڈیکل یا کسی بھی موضوع سے ابتدائی نوعیت کی واقفیت کا نہ ہونا ہمیں نیم حکیموں اور جعلی ڈاکٹروں کے پھندے میں پھنسا دیتا ہے‘ ہمارے ملک میں یہ صورت حال عام ہے‘ ہمیں روزانہ اپنی ہومیو پیتھک پریکٹس کے دوران ایسے لوگوں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے جو ایسے نیم حکیموں اور جعلی ڈاکٹروں کے ہاتھوں تباہ و برباد ہوتے ہیں‘ اکثر کو یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ انہیں درحقیقت کون سی بیماری یا بیماریاں لاحق ہیں‘ انہیں پرہیز کیا کرنا چاہیے اور ان کا علاج کیا ہونا چاہیے؟ شاید لوگ فطری طور پر آسانیاں تلاش کرتے ہیں اور جب کسی مصیبت یا بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں تو چاہتے ہیں کہ فوری طور پر اس سے نجات حاصل کریں حالانکہ اکثر بیماریاں یا مشکلات ایسی نہیں ہوتیں جو فوری طور پر ختم ہوسکیں مگر لوگوں کی خواہش یہی ہوتی ہے اور اس خواہش کے زیر اثر ہمارا مشاہدہ ہے کہ لوگ بیماری میں حکیم ڈاکٹر جلدی جلدی بدلتے رہتے ہیں‘ مشکلات کے حل کے لیے بھی در در بھٹکتے ہیں اور آخر اعلان کردیتے ہیں کہ ہمارا مرض یا مسئلہ لاعلاج ہے‘ ہم نے بڑے بڑے علاج کیے اور بڑے بڑے نامی گرامی لوگوں سے رابطہ کیا لیکن کبھی کوئی فائدہ نہیں ہوا‘ یہ باتیں ہم اکثر سنتے رہتے ہیں‘ جب ان کے حالات سے آگاہی ہوتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ کسی معالج کا کوئی قصور نہیں‘ قصور ان کا اپنا ہی ہے‘ ایسے لوگوں کو اپنے اچھے برے کی قطعاً تمیز نہیں ہوتی‘ وہ صرف ایک ہی دھن میں مگن ہوتے ہیں کہ وہ جو چاہتے ہیں‘ وہ ہوجائے بقول شاعر۔

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے

اکثر ہمارے مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ لوگ اپنی گفتگو کا آغاز یا اختتام ہی اس جملے پر کرتے ہیں ”میں یہ چاہتا ہوں یا چاہتی ہوں“ چند روز قبل ایک پرانے دوست سے ملاقات ہوئی اور یہ موضوع چھڑ گیا کہ انسان کی زندگی میں کامیابیوں اور ناکامیوں یا خوشیوں اور غموں کے اصل اسباب کیا ہیں؟ وہ کون سے دنیاوی اور روحانی ذرائع ہیں جو انسان کو کامیاب و کامران‘ خوشحال و اطمینان بخش زندگی کا راستہ دکھاتے ہیں؟ اس موضوع پر گفتگو آخر اس نکتے پر آ کر ختم ہوئی کہ ان ذرائع میں سب سے اہم اور مرکزی کردار انسان کی اپنی بنیادی خوبیوں اور خامیوں کا ہوتا ہے جبکہ ایک دلچسپ حقیقت یہ بھی ہے کہ اکثر انسان اپنی خوبیوں اور خامیوں کا ہی درست ادراک نہیں رکھتے‘ وہ جانتے ہی نہیں کہ ان کی خوبیاں کیا ہیں اور کمزوریاں کون سی ہیں‘ اکثر تو اپنی کمزوریوں کو ہی اپنی خوبی سمجھ رہے ہوتے ہیں اور اپنی خوبی کو اپنی کمزوری خیال کررہے ہوتے ہیں‘ ایسی ایسی غلط فہمیاں اور خوش گمانیاں انہیں فریب میں مبتلا کرتی ہیں جن کا کوئی جواب ہی نہیں۔ ہم اکثر لوگوں کی برتھ چارٹ ریڈنگ کا آغاز ان کی خوبیوں‘ خامیوں اور رجحانات کی نشان دہی سے کرتے ہیں‘ انہیں بتایا جاتا ہے کہ آپ کے پیدائشی برج کے تحت آپ کا کردار و عمل کس نوعیت کا ہے اور آپ کے مون سائن کے زیر اثر آپ کے فطری رجحانات اور جذبات و احساسات کی نوعیت کیا ہے؟ ہمیں حیرت ہے کہ بہت کم ہی لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اس طرف دھیان دیتے ہیں اور پلٹ کر ان حوالوں سے کوئی سوال کرتے ہیں‘ اپنی کسی خامی یا کمزوری کو دور کرنے کا ارادہ ظاہر کرتے ہیں اور اس کا حل دریافت کرتے ہیں‘ اکثریت کو صرف یہ فکر ہوتی ہے کہ اس کی فلاں فلاں خواہش کب پوری ہوگی؟

ایک مثال

گزشتہ دنوں ایک لڑکی نے رابطہ کیا جو طلاق یافتہ ہے اور دوبارہ شادی کرنا چاہتی ہے‘ پہلا شوہر اس سے دوبارہ شادی کے لیے تیار ہے‘ اس کے پاس ایک

چوائس اور بھی ہے' ایک اور لڑکا بھی دلچسپی لے رہا ہے' پہلا شوہر ملک سے باہر ہے' اس نے دریافت کیا تھا کہ پہلے شوہر سے دوبارہ شادی کرنا بہتر ہوگا یا جو لڑکا دلچسپی لے رہا ہے' وہ بہتر رہے گا؟ مزید یہ کہ شادی کا امکان کب تک ہے۔

ہم نے اپنی روایت کے مطابق اس کی خوبیوں اور خامیوں پر روشنی ڈالی اور یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ ان خامیوں پر کنٹرول کریں تو آپ کی زندگی بہتر انداز میں گزرے گی ورنہ نتیجہ پہلے جیسا ہی برآمد ہوگا' اسے مشورہ دیا گیا کہ پہلا شوہر بہتر ہے اور آپ سے محبت بھی کرتا ہے' آپ دونوں کے درمیان اچھی میچنگ موجود ہے' علیحدگی کی وجہ ایک دوسرے سے دوری' آپ کی بے صبری اور کم عقلی ہے' وہ لڑکا جو آپ سے اظہار عشق کر رہا ہے' وہ مخلص نہیں ہے' محض وقت گزاری کر رہا ہے اور بے وقوف بنا رہا ہے' آپ بے وقوف بن رہی ہیں۔ لڑکا عمر میں لڑکی سے تقریباً 8 سال چھوٹا ہے' دونوں کے درمیان علیحدگی کرانے کا فریضہ بھی اسی نے انجام دیا ہے' اصل مسئلہ یہ تھا کہ شادی کے بعد شوہر لڑکی کو اپنے ساتھ بیرون ملک نہ لے جا سکا اور ساس کے ساتھ اس کی انڈراسٹینڈنگ نہ ہوسکی' لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے جس کے نتیجے میں وہ اپنے والدین کے گھر واپس آگئی اور شوہر سے بھی تعلقات کشیدہ ہوتے چلے گئے' اسی دوران میں شاید اپنے چاہنے والے کی حوصلہ افزائی پر عدالت سے خلع لے لیا گیا۔

لڑکی کا برتھ سائن جوزا ہے' جوزا افراد اپنی زندگی میں ہمیشہ نئی دلچسپیوں اور مصروفیات کے متلاشی رہتے ہیں' سب سے زیادہ فلرٹیشن کا رجحان بھی برج جوزا میں پایا جاتا ہے' اسے ''ہرجائی'' برج کہا جاتا ہے' ان لوگوں میں سنجیدگی کی کمی ہوتی ہے' بہت سے فضول کام محض تفریح طبع کے لیے کرتے ہیں اور اکثر اپنا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں' عموماً وہ کام نہیں کرتے جو انہیں کرنا چاہیے اور ایسے کاموں میں سرگرم رہتے ہیں جن سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ برج جوزا کا حاکم سیارہ سیماب صفت عطارد ہے' ان لوگوں کی ذہانت پر کوئی شبہ نہیں کیا جا سکتا' سیکھنے سمجھنے کی بہترین صلاحیت کے مالک ہوتے ہیں لیکن اگر سیارہ عطارد زائچے میں کمزور ہو یا کسی خرابی کا شکار ہو تو صورت حال مختلف ہو جاتی ہے' بہترین خوبیاں' بدترین برائیوں کی شکل اختیار کرلیتی ہیں' اس لڑکی کا معاملہ بھی کچھ ایسا ہی ہے' ہمارے تفصیلی جواب کے بعد اس نے فون پر یہ شکایت کی کہ آپ نے میرے باہر جانے کے بارے میں تو بتایا ہی نہیں؟ گویا اسے باقی کسی بات سے کوئی سروکار ہی نہ تھا' ہم نے جواباً کہا پہلے آپ کی شادی تو ہو جائے پھر باہر جانے کے بارے میں سوچئے گا' طلاق کے بعد سابقہ شوہر سے دوسری شادی بھی کوئی اتنا آسان کام نہیں ہے' اس حوالے سے لوگ جس قسم کا حلالہ کرتے ہیں وہ بھی درست طریقہ نہیں ہے بلکہ اس طریقے میں بعض اوقات عجیب و غریب قسم کے مسائل اور مشکلات پیش آتے ہیں۔

عزیزان من! بات ہو رہی تھی انسانی خوبیوں اور خامیوں کی جن سے انسان عام طور پر غافل رہتا ہے اور اسے آگاہ بھی کیا جائے تو بہت کم لوگ اس حوالے سے سنجیدہ رویہ اختیار کرتے ہیں' اکثر تو اپنی خامیوں کا احساس اور اعتراف ہی نہیں کرتے بلکہ اس حوالے سے کٹ حجتی کرتے ہیں اور دوسروں پر الزام تراشی کر رہے ہوتے ہیں' صرف علم نجوم ہی ایسا علم ہے جو انسان کو اس کی خوبیوں اور خامیوں سے بھرپور طور پر آگاہ کرتا ہے' ہم پہلے بھی کئی بار یہ حوالہ دے چکے ہیں کہ عظیم ماہر نفسیات کارل یونگ نے کہا تھا کہ میں نے انسانی نفسیات کو سمجھنے میں ایسٹرولوجی سے مدد لی۔

خواب اور عذاب

خوابوں کے عذاب ہمارے معاشرے میں عام ہیں اور ان عذابوں کا سب سے زیادہ ہدف ہماری خواتین ہیں جو پہلے ہی حساس اور جذباتی ہوتی ہیں کہ اللہ نے انہیں ایسا ہی بنایا ہے' اگر خواتین ایسی حساس اور جذباتی نہ ہوتیں تو ماں کا مشکل ترین کردار ادا کرنے کے قابل نہ ہوتیں' ممکن ہے بعض لوگ ایسی ماؤں کی مثالیں پیش کرنے لگیں جو اپنی اولاد کی بھی پروا نہیں کرتیں تو ایسے کیس بہرحال اکثریت میں نہیں ہوتے' بعض مرد بھی بہت حساس اور جذباتی ہوتے ہیں' خاص طور پر آبی بروج **(WATER SIGN)** سرطان' عقرب اور حوت والے۔ خیال رہے کہ سب سے زیادہ خوابوں کے عذاب کا شکار بھی یہی تین برج ہوتے ہیں لیکن ان کے خوابوں کی نوعیت مختلف ہوتی ہے' عام طور پر خواتین جب ڈراؤنے خواب دیکھتی ہیں تو پریشان ہوتی ہیں اور پھر خواب کی تعبیر کے لیے اکثر ایسے لوگوں سے رابطہ کرتی ہیں جو انہیں مزید گمراہ کرتے ہیں' وہ ایسے خوابوں کی وجہ سحر و جادو یا آسیب و جنات وغیرہ بتا کر صورت حال کو مزید پیچیدہ بنا دیتے ہیں' ہمارے پیش نظر فی الحال کسی خاتون کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ ایک ''حضرت'' کے خواب ہیں جو ان کے لیے مسئلہ بن گئے ہیں' ایسا مسئلہ جسے وہ

سمجھنے سے قاصر ہیں' وہ لکھتے ہیں۔

خوابوں میں حج و مزارات

''میں نے خوابوں میں تین مرتبہ حج ادا کیا ہے مگر حج ادا کرتے ہوئے ابھی حج ادھورا ہوتا ہے کہ میری آنکھ کھل جاتی ہے' خواب میں روضہ رسول ﷺ کو اس طرح دیکھا کہ میں نے سبز روضے کو ہاتھوں میں لے لیا ہے اور مسجد نبوی میں نماز ادا کر رہا ہوں مگر مسجد کی چھت نہیں ہے' میں حیران ہو رہا ہوں پھر نماز ادا کر کے باہر آیا' جنت البقیع میں مزارات پر حاضری دی ہے' میرا مطلب یہ ہے کہ میں خواب میں مزارات بہت دیکھتا ہوں مگر اس طرح کہ قبر والے کی قبر مجھ سے ہم کلام ہوتی ہے' ایسے ایسے مزارات دیکھتا ہوں کہ حیران رہ جاتا ہوں' سوچتا ہوں کہ میں نے زندگی میں ان کو کبھی دیکھا ہی نہیں تھا۔'' میں نے دیکھا کہ ایک قبرستان سے گزر رہا ہوں' ایک قبر ہے' اس میں سے ایک آدمی نے مجھے پھول دیا ہے' میں نے اس کو باہر نکالا تو قبرستان کے سارے مردے اپنی اپنی قبر سے نکل آتے ہیں اور سارے قبرستان میں شور شرابہ کرتے ہیں' ہر کوئی اپنی قبر پر کھڑا باتیں کر رہا ہے' کوئی قبر سے نکل رہا ہے' کوئی قبر کے اندر جا رہا ہے' ایسے میں ایک آدمی آ جاتا ہے اور کہتا ہے کہ ان کو واپس اپنی اپنی قبر میں ڈال دو اور میں دعا کرتا ہوں پھر قبرستان دوبارہ اپنی اصل حالت میں آ جاتا ہے' پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ ''ایک خواب یہ ہے کہ میں جا رہا ہوں' میرے ساتھ دوست بھی تھے' دیکھتا ہوں کہ ایک بزرگ بیٹھے ہیں' سفید بال' سفید داڑھی' میرے دوست مجھے چھوڑ جاتے ہیں اور میں خود ان بزرگ کے پاس جاتا ہوں' ہاتھ دکھا کر پوچھتا ہوں کہ شادی ہوگی یا نہیں؟ بزرگ کہتے ہیں کہ شادی نہیں ہے' میں نے کہا کہ آپ جھوٹ بول رہے ہیں تو انہوں نے میری ہتھیلی کی کھال اتار کر کہا ''دیکھ! کہاں ہے شادی؟'' میں نے دیکھا تو اندھیرا تھا' میری آنکھ کھل گئی' صبح کے 6 بج رہے تھے' آپ بتائیں یہ کیا ماجرا ہے میرے ساتھ؟ کیا یہ خواب میری زندگی کے لیے کوئی بشارت ہیں؟ میرا برج اور ستارہ کیا ہے؟ میرے زائچے میں یہ سب کیوں ہے' میرے جیسے بہت سے لوگ ہوں گے جو ایسے خواب دیکھتے ہوں گے مگر ان کو تسلی بخش جواب نہیں ملتے ہوں گے''

جواب: آپ کا شمسی برج سرطان ہے' اس کا حاکم سیارہ قمر ہے اور قمری برج جدی میں ہے جس پر سیارہ زحل حکمران ہے جبکہ برتھ سائن یعنی پیدائشی برج جوزا ہے' اس کا حاکم سیارہ عطارد ہے' اس طرح آپ برج سرطان' جدی اور جوزا کا کمبی نیشن رکھتے ہیں' سرطان حساس اور جذباتی ہے' جدی پریکٹیکل اور ڈومینیٹنگ ہے' بالادستی کی خواہش رکھتا ہے' جوزا ہوائی برج ہونے کی وجہ سے تصوراتی' سہل پسند اور تبدیلی پسند ہے' اس میں مستقل مزاجی کی کمی ہے' نت نئی دلچسپیاں اور سوچیں اسے بے چین رکھتی ہیں۔ یقیناً آپ نے ایک روایتی مذہبی ماحول میں ہوش سنبھالا ہے' جس میں مذہبی مقامات اور مذہبی افراد کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جاتا' آپ کا شمسی برج سرطان اور قمری برج جدی روایت پرست ہیں' آپ بھی سختی کے ساتھ اپنی روایات سے جڑے ہوئے ہیں' آپ کے خوابوں میں اس کی گہری نشان دہی موجود ہے' ساتھ ہی اس لاشعوری خواہش کا احساس بھی نمایاں ہے کہ آپ اپنے لیے دنیا میں کوئی روحانی مقام چاہتے ہیں' ایسا روحانی مقام جس میں مادی فوائد بھی موجود ہوں لیکن اس کے لیے جس محنت اور ریاضت کے ساتھ صبر و برداشت کی ضرورت ہے وہ آپ کے اندر نہیں ہے کیوں کہ آپ کا سب سے اہم یعنی پیدائشی برج جوزا ہے جو آپ کو خواب تو دکھاتا ہے لیکن عملی طور پر کسی کٹھن راستے پر ثابت قدمی سے زیادہ عرصے تک چلنے نہیں دیتا' اب تک آپ کی شادی بھی نہیں ہو سکی ہے' اگرچہ بظاہر آپ کو اس کی زیادہ پروا نظر نہیں آتی کیوں کہ جوزا والے خاصے بے پروا اور من موجی ہوتے ہیں لیکن باطنی طور پر شادی نہ ہونے کا لاشعوری احساس خوابوں میں بھی موجود ہے۔ سب سے زیادہ فکرمندی کی بات آپ کی غیر حقیقت پسندانہ سوچ ہے جو آپ کے لاشعوری احساسات کے زیر اثر ہے اور اس کا اندازہ آپ کے اس جملے سے بھی کیا جا سکتا ہے کہ کیا یہ خواب میری زندگی کے لیے کوئی بشارت ہیں؟ آپ نے اپنی اب تک کی 35 سالہ زندگی میں ایسے کون سے کام کیے ہیں جو اللہ رب العزت کے نزدیک پسندیدہ اور محبوب ہوں اور آپ کو ''بشارت'' دی جائے؟ آپ تو اس مادی دنیا کے لیے بھی ایک ناکام انسان ہیں' تعلیم مکمل نہیں کر سکے' کوئی مستقل جاب یا کاروبار نہیں ہے' اب تک شادی نہیں ہو سکی وغیرہ وغیرہ۔

22 جولائی

ایک اور قابل توجہ پہلو آپ کی تاریخ پیدائش ہے' آپ 22 جولائی کو پیدا ہوئے ہیں جس کا مفرد عدد 4 ہے جو سیارہ یورینس سے منسوب ہے اور قدیم نظریات کے تحت سیارہ شمس کا منفی عدد سمجھا جاتا ہے' عدد 4 کو دولت کا عدد بھی کہا

باقی صفحہ نمبر 23 پر

جاتا ہے اور اقتدار کی شدید خواہش بھی اس عدد کے زیر اثر ہے' یورینس سے تعلق متلون مزاجی' دھماکہ خیزی' ایجادات لاتا ہے' سرطانی اثرات کے ساتھ حساسیت اور جذباتیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ 22 کا مرکب عدد غیر معمولی اثرات اور خصوصیات کا حامل سمجھا جاتا ہے' اس عدد کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد یا تو غیر معمولی کارنامے انجام دیتے ہیں یا انتہائی ناکام زندگی گزارتے ہیں' فطری طور پر آزادی چاہتے ہیں' اکثر اوقات احمقانہ سوچیں انہیں گھیرے رہتی ہیں' ایک ترنگ کی کیفیت میں رہتے ہیں اور اکثر اپنے ہی کسی تصور کا حصہ بن کر رہ جاتے ہیں۔ 22 جولائی خواہ کسی بھی سال میں ہو اس دن پیدا ہونے والے مرد وخواتین ایک عجیب روحانی احساس برتری کے زیر اثر ہوتے ہیں' یہ احساس برتری اگر منفی رُخ اختیار کرلے تو ان کے اندر چاہے جانے کی شدید خواہش انگڑائیاں لینے لگتی ہے جسے اصطلاحاً ''نرگسیت'' بھی کہا جاتا ہے' علم نفسیات اسے ایک بیماری قرار دیتا ہے' ایسے لوگ دوسروں سے محبت نہیں کرتے بلکہ خود اپنی محبت میں مبتلا ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں بالآخر تنہائی کا شکار ہوتے ہیں' اکثر ایسے لوگ ناکامیوں اور محرومیوں کی وجہ سے دل برداشتہ ہو کر کسی مذہبی یا روحانی شخصیت کا روپ دھار لیتے ہیں اور اپنی چاہے جانے کی لاشعوری خواہش کی تسکین کرتے رہتے ہیں۔

بہر حال آپ کا قمر جدی میں ہے جو خاکی برج ہے اور مادیت کا علم بردار ہے' آپ ایسی کسی صورت حال کا شکار نہیں ہوں گے' دنیا داری سے جڑے رہیں گے' آپ کے خواب آپ کے لیے ہرگز کوئی بشارت وغیرہ نہیں ہیں بلکہ یہ سب آپ کے لاشعور کی شرارت ہے' اپنی ابتدائی زندگی سے آج تک آپ اپنے مزاج اور فطرت کے خلاف جو زندگی گزار رہے ہیں اور آپ کا لاشعور اس حوالے سے جو تکلیف اور کرب محسوس کر رہا ہے' اس کا اظہار آپ کے خوابوں میں ہو رہا ہے' شعوری طور پر آپ کے لیے یہ خواب ایک غیر حقیقت پسندانہ اشارہ بن گئے ہیں جو آپ کو مستقبل کے کچھ نئے خواب دکھا سکتے ہیں' بہتر ہوگا کہ مزید خواب دیکھنے کے بجائے خود کو زیادہ پریکٹیکل اور حقیقت پسند بنانے پر توجہ دیں۔ عمدہ قسم کا زمرد یا گرین ترملین آپ کو پہننا چاہیے کیوں کہ آپ کا ستارہ عطارد آپ کے زائچے میں کمزور اور تحت الشعاع ہے یعنی سورج کے قریب ترین ہونے کی وجہ سے بُجھ کر رہ گیا' اسی طرح قمر کی کمزوری بھی نمایاں ہے وہ زائچے کے آٹھویں گھر میں ہے' سچا موتی یا مون اسٹون اس کا علاج ہے۔

کراماتِ جفر

حصولِ انعام کا خصوصی عمل

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی۔ جھنگ

قارئین کی خدمت میں حصولِ انعام کا مجرب عمل لے کر حاضر ہوں۔ جو مالی لحاظ سے پریشان ہوں اور ہاتھ دن بدن تنگ ہوتا جارہا ہو اور لوگوں سے قرضہ لیکر گھر کے اخراجات مشکل سے پورے ہورہے ہیں تو انشاء اللہ یہ عمل آپ کو ایک دفعہ مالا مال کردے گا۔ لیکن دوسری دفعہ لالچ کرنے والے کو تباہ و برباد کردے گا۔ کیونکہ لالچی طبیعت والے انسان کبھی کامیاب اوّل تو ہوتے نہیں ہیں۔ اگر ہو جائیں تو ہاتھ میں آئی ہوئی چیز ضائع کر بیٹھتے ہیں۔ اس لئے میں ہمیشہ لکھتا آیا ہوں۔ میرے حصولِ انعام کے عملیات صرف ایک بار انعام اُٹھا کر کاروبار کرلیں تاکہ کسی کے آگے آپکو گھر کے اخراجات وغیرہ پورے کرنے کے لئے قرضہ نہ اُٹھانا پڑے۔ **عمل کا طریقہ**:۔ نوچندی پیر یا جمعرات کو ساعت مشتری میں قمر کے سعد اوقات میں جب قمر درعقرب نہ ہو میں شروع کریں۔ علیحدہ پاک و صاف جگہ ہونی چاہئے اور خوشبودار بخور روشن کریں اور رجال الغیب پشت کی طرف ہو۔ پھر سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے مندرجہ ذیل نقش مبارک تیار کریں۔ اگر غلط طریقے سے تیار ہوا تو اُلٹا نقصان ہوگا۔ اس لئے اناڑی عامل سے تیار ہرگز نہ کروائیں۔ پھر تین سو پچاس روپے کی مٹھائی جو پہلے سے موجود ہو اور حضرت امام حسینؓ کی نیاز دلوائیں۔ اور بچوں میں بانٹ دیں۔ اس طرح سات یوم پورے احتیاط سے پورے کرنے ہیں اور روزانہ عبارت عمل **360** مرتبہ پڑھ کر نقش مبارکہ پر دم کرتے رہیں اب عمل تیار ہے۔

پھر جب بھی انعامی اسکیموں کے نمبر کی ضرورت ہو تو رات سونے سے پہلے دو رکعت نفل حاجت پڑھیں۔ لیکن نقش مبارکہ آپ کی جیب میں موجود ہونا چاہئے۔ پھر عبارت عمل **360** مرتبہ اوّل و آخر **110-110** بار درود شریف کے ساتھ پڑھنا ہے اور پھر سوجائیں۔ انشاء اللہ **3** تا **7** یوم میں بالکل درست اور اٹل نمبر ملے گا۔ اور صبح ہونے تک بالکل یاد رہے گا۔ یہ کسی اور کو نہ بتائیں اور خرید کر رکھ لیں۔ یہ عمل زندگی میں ایک دفعہ فائدہ دے گا۔ لاجواب صدری تحفہ ہے۔ یہ عمل پہلی دفعہ صرف آئینہ قسمت میں شائع ہورہا ہے۔

عبارت عمل یہ ہے:۔

بِسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحیم: قُل ھو اللہ احد یا جبرائیل اللہ الصمد یا میکائیل لم یلد ولم یولد یا اسرافیل ولم یکن لہ کفوا احد یا عزرائیل بحق یا خبیر یا علیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرائیل

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا	احد

حمعسق عزرائیل

کھیعص اسرافیل

شمکائیل

شفقیائیل

میکائیل

و کفی باللہ شھیدا محمد رسول اللہ

مئی 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

1 2
6 8

تاریخ: 02-05-2019
دن: جمعرات
شہر: حیدرآباد/کراچی
مالیت بانڈ: -/25,000/7,500

6 9
1 2

تاریخ: 15-05-2019
دن: بدھ
شہر: ملتان/کوئٹہ
مالیت بانڈ: -/100/1500

مئی 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	04 مئی	10 بجکر 15 منٹ سے لے کر 11 بجکر 10 منٹ تک
2	06 مئی	12 بجکر 00 منٹ سے لے کر 13 بجکر 00 منٹ تک
3	11 مئی	09 بجکر 00 منٹ سے لے کر 10 بجکر 00 منٹ تک
4	15 مئی	14 بجکر 00 منٹ سے لے کر 15 بجکر 00 منٹ تک
5	18 مئی	16 بجکر 00 منٹ سے لے کر 17 بجکر 00 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ تندولے	
0	01		02				06		08		048	081
1	10		12		14		16		18	19	132	169
2	20	21					26		28	29	240	285
3					34	35		37		39	317	397
4		41	42				46			49	423	463
5	50			53	54			57	58		545	580
6	60	61	62				66		68	69	636	691
7		71		73	74	75			78		747	782
8	80	81	82				86				805	895
9		91	92		94		96				931	968

تاریخ: 02-05-2019
دن: جمعرات
شہر: حیدرآباد/کراچی
مالیت بانڈ: -/25,000/7,500

02 01 08 28
82 68 86 16

تاریخ: 15-05-2019
دن: بدھ
شہر: ملتان/کوئٹہ
مالیت بانڈ: -/100/1500

19 49 94 92
24 62 42 29

1
0 6 2
8

9
4 1 6
2

از تحریر: ارشد صدیقی، میاں چنوں

تاریخ: 02-05-2019	تاریخ: 15-05-2019
دن: جمعرات	دن: بدھ
شہر: حیدر آباد/کراچی	شہر: ملتان/کوئٹہ
مالیت بانڈ: 25,000/7,500/-	مالیت بانڈ: 100/1500/-

472195

47	21
95	54

152680

01	52
68	81

از تحریر: ایم عادل، تریلا ڈیم

2389-3289

238	9	8	23
328	3		32
832	2	2	83
892			89

8329-8923

0258-2168

025	6	5	02
216	2		21
226	0	9	22
865			86
892			89

2268-8658

از تحریر:۔ فیض حسینی علی رضا حسینی، لاہور

کون بنے گا کروڑ پتی؟

38	18	28
33	13	23
88	68	78
84	63	73

کلوز یا صفحہ

6	5	9

769	465

66	46	56
61	41	51
16	96	06
11	91	01

کلوز یا صفحہ

3	8	9

938	356

حیدر آباد	مالیت بانڈ: 7,500/-	تاریخ: 02-05-2019					
81	74	68	32	18	08	(بونس)	6294

ملتان	مالیت بانڈ: 1500/-	تاریخ: 17-12-2018					
78	59	41	30	27	14	(بونس)	3942

گولڈن انعام لکی نمبرز

حیدر آباد	تاریخ: 02-05-2019	182/691 =891
مالیت بانڈ: 7,500/-		341/820 =840
ملتان	تاریخ: 15-05-2019	319/548 =538
مالیت بانڈ: 1500/-		920/834 =894

لکی نمبرز

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

آپکا ماہِ مئی 2019ء کیسا رہے گا؟

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَلِ وَالزُّهرَهِ وَالْعَطَارَدِ وَالْمَرِیْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنبِ بِحَقِّ یَا اللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

astrology May

ARIES

حمل
21March
20April

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 16 مئی تیسرے رہتے ہوئے سفر وسیلہ ظفر عزیز واقارب اور بہن بھائی تعاون کریں۔ جبکہ 17 تا 31 مئی مریخ چوتھے رہتے ہوئے خانگی اُمور میں صبر وتحمل سے کام لیں اور جلد بازی سے گریز کریں۔ زمین جائیداد کی خرید وفروخت میں خاص احتیاط برتیں۔ یکم،2 مئی مریخ عطارد تسدیس سے کام کے معیار میں بہتری سے عزت بڑھے اور تکنیکی مہارت حاصل ہو۔ 7،6 مئی مریخ مشتری مقابلہ کے باعث خود اعتمادی کی زیادتی میں کئے گئے اقدامات مسائل کا پیش خیمہ ہوسکتے ہیں لہٰذا محتاط رہیں اور بغیر مشاورت فیصلوں سے گریز۔ قانونی مسائل میں بھی بزرگوں کی مشاورت کے ساتھ فیصلے کریں۔ 15،14 مئی مریخ زہرہ تسدیس سے رومانوی معاملات میں راحت ملے۔ گھریلو تزئین وآرائش میں دلچسپی بڑھے۔ 23،22 مئی مریخ یورانس تسدیس کے باعث مضبوط قوت ارادی حالات میں مثبت تبدیلیاں لاسکیں اور قائدانہ صلاحیتیں نکھریں۔

پہلا ہفتہ: مختلف تفریحی اور کاروباری امور کے سلسلہ میں وقت کی صحیح تقسیم کرسکیں گے۔ مستقبل کے امور درخشاں رہیں گے اور رومانوی عنصر خوشگوار رہے گا۔ بات کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ اپنی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔ سرمایہ کاری میں افواہوں پر یقین نہ کریں۔ کسی اہم شخصیت سے کاروباری لین دین کرسکیں گے۔

دوسرا ہفتہ: مشترکہ سرمایہ کاری یا ملازمت کے سلسلہ میں مصروفیات بڑھیں۔ کام کرنا آپ کے لیے مفید رہے گا۔ سرمایہ کاری میں احتیاط کی ضرورت ہو۔ ثقافتی یا تفریحی امور کے سلسلہ میں اخراجات میں زیادتی ہو۔ سماجی امور میں مصروفیات بڑھیں۔ آپ اپنی خود اعتمادی سے لین دین کر سکیں گے۔ اپنے کام سے مطمئن ہوسکیں۔

تیسرا ہفتہ: نجی ترقی کے لیے کوشاں رہیں۔ سرمایہ کاری کے سلسلہ میں خوشخبری ملے۔ جس سے آپ اپنی منزل مقصود حاصل کرسکیں۔ آپ کاروباری سماجی اور رومانوی معاملات طے کرسکیں۔ کوئی خوشگوار سفر کرسکیں۔ رومانس میں خوشی حاصل ہوگی۔ سرمایہ کاری میں احتیاط کی ضرورت ہو، ورنہ پریشانی کا خدشہ ہے۔

چوتھا ہفتہ: پوشیدہ معاملات پر کام کرسکیں۔ رومانس کے مواقع ملیں۔ دوستوں کی طرف سے مسائل پیدا ہونے کا خدشہ۔ رومانوی امور خوشی کا باعث بنیں۔ سفر کا موقع ملے۔ ملازمت میں ترقی اور صحت جسمانی کی بہتری کے لیے آپ کو خاص توجہ کی ضرورت ہو۔ مشترکہ قانونی امور میں دوسرے افراد کا تعاون شامل حال ہو۔ لہٰذا غیر ضروری بحث ومباحثہ سے پرہیز کریں۔ رومانوی زندگی بھرپور اہمیت کی حامل ہو۔ سماجی زندگی میں اختلافات کا خدشہ۔ کسی اہم شخصیت سے ملاقات متوقع ہے۔

سعد تواریخ: یکم،3،12،14،17،22،27 مئی **نحس تواریخ:** 8،9،21،29 مئی

TAURUS

ثور
21April
21May

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 15 مئی بارہویں رہتے ہوئے اخراجات سے متعلق اُمور میں بہتری اور پلاننگ مثبت رہ سکے۔ جبکہ 16 تا 31 مئی زہرہ طالع میں آجانے سے حالات میں یکسر بہتری اور قوت فیصلہ میں مثبت پہلو اُجاگر ہوسکیں۔ 8،7 مئی زہرہ زحل تربیع کے باعث حالات میں سنجیدگی اور سیاسی و سماجی اُمور توقعات کے مطابق نہ ہوں۔ 10،9 مئی زہرہ مشتری سے تثلیث سے سخاوت وحلقہ احباب بڑھے۔ عزت وتوقیر میں اضافہ۔ کام میں خوبصورتی ونکھار، ان ہی ایام میں زہرہ پلوٹو تربیع کے باعث جنس مخالف سے محتاط رہیں۔ حاسدین ڈپریشن کا باعث ہوسکتے ہیں۔ 15،14 مئی زہرہ مریخ تسدیس سے صحتمند اقدامات، رومانوی ماحول خوشگوار اور ڈپریشن کا خاتمہ ہوسکے۔ 19،18 مئی زہرہ یورانس قران سے ذہنی وتخلیقی صلاحیت نکھر سکیں۔ منفرد صلاحیتوں کی عکاسی 31،30 مئی زہرہ نیپچون تسدیس سے عشق ومحبت کے اُمور حساس، احتیاط برتیں۔ 31،30 مئی زہرہ زحل تثلیث کے باعث ڈپلومیسی مثبت ومستحکم فیصلے اور اہم کاروباری اُمور کی انجام دہی ممکن ہوسکے۔

پہلا ہفتہ: مشترکہ کاروباری امور آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں۔ سفر کرنا مفید رہے گا۔ ڈرائیونگ میں احتیاط سے کام لیں۔ دوسرے افراد کا تعاون حاصل ہو۔ بچوں کی صحت کے حوالہ سے اطمینان رہے۔ مستقبل کے سلسلہ میں معروف، کام کے دوران اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں تو آپ کو کامیابی حاصل ہوسکے گی۔

دوسرا ہفتہ: آپ اپنا زیادہ وقت دوستوں کے ساتھ کام کرتے ہوئے گزاریں گے۔ عزیزوں اقارب کا تعاون حاصل رہے۔ آمدن میں اضافہ ہو۔ کسی اہم مسئلے کو حل کرسکیں۔ اہم پروجیکٹ پر کام کرسکیں۔ دور دراز سے کوئی خوشخبری حاصل ہو۔ اہم شخصیت سے تعاون حاصل کرسکیں گے۔ کھلاڑی افراد کے لیے بہترین ہفتہ ثابت ہو۔ بچھڑے دوست سے اچانک ملاقات ممکن ہو۔

تیسرا ہفتہ: اپنی منزل مقصود کو حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ دور دراز سے بعض لوگ آپ کے لیے بہت اہم اطلاعات لے کر آئیں۔ بولنے سے پہلے سوچ لینا بہتر رہے گا۔ آپ تفریحی سرگرمیوں میں معروف رہیں گے۔ اپنی نجی زندگی میں کچھ تبدیلیاں لاسکیں گے۔ آپ اپنی ضرورت کے تحت خریداری کرسکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: ایسی خبر سنیں گے جو آپ کے رہن سہن میں تبدیلی لائے۔ ٹیلی فون کال یا دیگر ذرائع ابلاغ آپ کی معروفیت کا باعث بنیں۔ شریک حیات سے تعلقات اپنی خواہش کے مطابق استوار کرسکیں گے۔ گھریلو اور خاندانی امور میں آپ کے خیالات بہتر ہوں۔ بچوں کے معاملات احتیاط طلب۔ افسرانِ بالا سے بات کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنا سکیں گے۔ رومانوی امور میں اپنی خواہشات کی تکمیل کرسکیں۔ صحت جسمانی کے سلسلہ میں احتیاط سے کام لیں۔

سعد تواریخ: 2،9،12،14،18،22،27،31 مئی **نحس تواریخ:** 7،10،17،24 مئی

Gemini

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ یکم تا 6 مئی گیارہویں رہتے ہوئے حلقہ احباب میں وقت گزرے اور خواہشات کی تکمیل کیلئے تگ ودو 7 تا 21 مئی عطارد بارہویں رہتے ہوئے حاسدین اپنے بد ارادوں میں زیر ہوسکیں دیگر اخراجات میں اضافہ، پلاننگ کی ضرورت رہے۔ 22 تا 31 مئی عطارد طالع میں آجانے سے سوچ میں مثبت پہلو اُجاگر ہوسکیں۔ دیگر انداز گفتگو متاثر کن اور عزت وتوقیر بڑھ سکے۔ یکم 2 مئی عطارد مریخ تسدیس سے کام میں تیزی اور مسائل کا مثبت حل مل سکے۔ جبکہ ان ایام میں عطارد زحل تربیع کے باعث معاملات التواء کا شکار، تنگ نظری سے گریز کریں۔ 4,3 مئی عطارد پلوٹو تربیع اور عطارد مشتری تثلیث کے باعث بحث و تکرار سے گریز کریں تو حالات یکسر آپ کی فیور میں رہیں۔ مثبت سوچ، زندگی میں کچھ نہ کچھ سیکھ سکیں۔ 9,8 مئی عطارد یورانس قران کے باعث تکنیکی مہارت تجرباتی رویہ حالات میں بہتری کا ضامن ہو۔ 17,16 مئی عطارد نیپچون تسدیس سے وسعت نظری حالات میں مثبت پہلو اُجاگر ہوسکیں۔ 18,17 مئی عطارد زحل تثلیث کے باعث سوچ میں پختگی اور مسائل کا مثبت حل مل سکے۔ 19,18 مئی عطارد پلوٹو تثلیث سے نفسیاتی مسائل کا حل اور خیالات کی عکاسی بھرپور انداز میں کرسکیں۔ 22,21 مئی عطارد شمس قران کے باعث حالات کے مطابق مستحکم فیصلے کرسکیں۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہو۔ 31,30 مئی عطارد مشتری مقابلہ اور عطارد نیپچون تربیع کے باعث بغیر مشاورت فیصلوں سے گریز کریں۔ غیر ضروری سفر سے گریز اور صدقات ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ: نزدیکی افراد سے تعاون حاصل کرسکیں۔ آپ محسوس کریں گے کہ بعض افراد شر پسندی کی طرف مائل ہیں۔ دوستوں کا تعاون حاصل کرسکیں۔ سرمایہ کاری مفید رہے۔ اپنے افسرانِ بالا کا تعاون حاصل کرسکیں۔ نجی سرمایہ کاری مفید رہے گی۔ دوسرے افراد کے تعاون سے کاروبار میں فائدہ ہو۔ سفر کرنا مفید رہے۔ گھریلو، خاندانی اور جائیداد کے سلسلہ میں دلچسپی مفید رہے۔

دوسرا ہفتہ: کاروبار میں فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ دوسرے افراد سے کاروباری سلسلے میں لین دین کرسکیں گے۔ عزیز واقارب کا تعاون حاصل ہو۔ کوئی نیا کام کرنا مفید رہے۔ دوستوں کا تعاون حاصل ہو۔ نجی طور پر صحت جسمانی کے مسائل کو حل کرسکیں گے۔ کاروباری امور میں خاطر خواہ منافع حاصل ہو۔ جس سے ذہنی سکون میسر ہوگا۔

تیسرا ہفتہ: سرمایہ کاری مفید رہے گی۔ مستقبل میں کامیابی کے لیے دوسرے افراد کا تعاون حاصل کرسکیں۔ مشترکہ سرمایہ کاری مفید رہے گی۔ سماجی مصروفیات میں اضافہ ہو۔ خریداری کے سلسلہ میں آپ مصروف رہیں۔ آپ اپنی حکمت عملی سے حالات کو حسب خواہش بدل سکیں گے۔ آپ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں گے۔ رومانوی عنصر غالب رہے گا۔

